روشن کتب
اردو بازار لاہور پاکستان
03019452605
ہمارے YouTube چینل کو Subscribe کریں

آپ "واٹس ایپ" استعمال کریں مگر!

یہ رسالہ آپ کے لیے "سوشل میڈیا" کے صحیح استعمال کے سلسلے
میں کامل راہ نما ثابت ہوگا - ان شاء اللہ تعالیٰ

مؤلف

مفتی محمد مرشد قاسمی

استاذ الجامعۃ الاسلامیۃ مسیح العلوم / بنگلور

www.besturdubooks.net

مک ... ند

روشن کتب
اردو بازار لاہور پاکستان
03019452605

آپ ”واٹس ایپ“ استعمال کریں مگر!!!

یہ رسالہ آپ کے لیے ”سوشل میڈیا“ کے صحیح استعمال کے سلسلے
میں کامل راہ نما ثابت ہوگا - ان شاء اللہ تعالیٰ

مؤلف

مفتی محمد مرشد قاسمی

استاذ الجامعۃ الاسلامیۃ مسیح العلوم / بنگلور

مکتبہ حجاز دیوبند

www.besturdubooks.net

جمیع الحقوق محفوظة

نام کتاب : آپ "واٹس ایپ" استعمال کریں مگر!!!

مؤلف : مفتی محمد مرشد قاسمی استاذ الجامعۃ الاسلامیۃ مسیح العلوم / بنگلور

صفحات : ۵۴

تاریخ طباعت : صفر المظفر ۱۴۳۹ھ مطابق نومبر ۲۰۱۷ء

باہتمام : قاسم احمد پالن پوری 9997658227

ناشر : **مکتبہ حجاز دیوبند**

موبائل نمبر : 8884293495 / 8884298493

ای۔میل : maaqasmi87@gmail.com

www.besturdubooks.net

فہرست مضامین

عناوین **صفحہ**

انتساب..۳
تقریظ..۴
تقریظ..۶
تقریظ..۸
تقریظ..۱۰
احوال واقعی..۱۲
آغاز کتاب..۱۴
ضیاع وقت..۱۵
دوسروں کے وقت کا بھی ضیاع..۱۸
یکسوئی میں خلل..۲۰
ہر طرح کی خبریں پھیلانے کا گناہ..۲۱
پہلی آیت..۲۱
شان نزول..۲۲
دوسری آیت..۲۴
شان نزول..۲۴
جنید جمشید مرحوم کی تصویر..۲۶
ایک عجیب واقعہ..۲۸
کیا ہر صحیح خبر کو عام کیا جائے گا؟..۲۹
ہر سنی سنائی بات پھیلانے والا جھوٹا ہے..۳۰

www.besturdubooks.net

بے احتیاطی بعض مرتبہ بہتان تک لے جاتی ہے.......................۳۰
تصویر کشی عام ہوئی.......................۳۱
حرمین شریفین بھی محفوظ نہیں.......................۳۴
پہلا واقعہ.......................۳۴
دوسرا واقعہ.......................۳۵
تیسرا واقعہ.......................۳۵
چوتھا واقعہ.......................۳۶
باہمی ربط وضبط اور انسانیت کی کمی.......................۳۷
ایک سبق آموز واقعہ.......................۳۷
ایک لطیفہ.......................۳۸
واٹس ایپ کی طرح انٹرنیٹ کا غلط استعمال.......................۳۹
انٹرنیٹ کھینچتا ہے.......................۴۰
ایک واقعہ.......................۴۰
مال کا ضیاع.......................۴۱
عام مسلمان بھائیوں سے گزارش.......................۴۲
حضرات علمائے کرام سے گزارش.......................۴۳
طلبہ کرام سے گزارش.......................۴۵
واٹس ایپ اور انٹرنیٹ کا مثبت استعمال.......................۴۸
انٹرنیٹ کا شرعی حکم.......................۵۰
حضرت مفتی محمد شعیب اللہ خان صاحب مدظلہ کا فتوی.......................۵۱
ادارۃ المباحث الفقھیہ جمعیتِ علمائے ہند کی تجویز.......................۵۳
آخری گزارش.......................۵۴

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

میں اپنی اس مختصر علمی واصلاحی کاوش کو درج ذیل ہستیوں کے نام کرتا ہوں:

(۱) والدۂ محترمہ (اللہ تعالیٰ انہیں عافیت کے ساتھ عمر دراز نصیب فرمائیں) کے نام، جن کی تربیت اور دعاؤں نے ہی زندگی کی گرہیں کھولیں، جس کے ثمرات وبرکات قدم قدم پر دیکھنے کو مل رہے ہیں۔

(۲) محدث کبیر فقیہ النفس شارح حجۃ اللہ البالغہ حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری (شیخ الحدیث وصدر المدرسین ام المدارس دار العلوم دیوبند) کے نام، جن کی پیہم توجہ ورہنمائی ہر وقت اس نااہل کے لیے مشعل راہ بنی ہوئی ہے، اور جنہوں نے اس ناچیز کی زندگی کے راستے کے کانٹوں کو اپنے ہاتھوں سے ہٹا کر پھول بچھایا اور الحمد للہ تاہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔

(۳) عالم ربانی عارف باللہ، پیکر حق گوئی وبے باکی، حضرت مولانا مفتی محمد شعیب اللہ خان صاحب مفتاحی (بانی ومہتمم جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور) کے نام، جن کو ہر آن مصروف اور لمحے لمحے کی قدر کرتا ہوا دیکھ کر یہ سبق ملا کہ ہمیں بھی اپنی زندگی کے لمحات کی قدر کرنی چاہیے، اسی کے نتیجے میں یہ چند صفحات سیاہ کرنے کی توفیق نصیب ہوئی۔

(۴) تمام اساتذہ کرام کے نام بالخصوص ابتدائی اساتذہ میں استاذ محترم حضرت مولانا محمد بدر الدین صاحب (استاذ حدیث وفقہ دار العلوم امدادیہ ممبئی) کے نام، جن کی طلبہ کی صلاحیت وصالحیت کے حوالے سے کڑھن اور ہمدردی وغم خواری دیکھ کر بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔

(۵) جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور کے نام، جس کے لکھنے پڑھنے کے عمومی اور سنہرے ماحول میں اس ناتواں کو بھی قلم پکڑنے کی توفیق عطا ہوئی۔

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

التقریظ

محدث کبیر فقیہ النفس

حضرت الاستاذ مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم

شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم دیوبند

نحمده ونصلي على رسوله الكريم أما بعد!

واٹس ایپ اور انٹرنیٹ وغیرہ دور حاضر کی ایجادات ہیں اور اپنی بنیادی وضع میں یہ چیزیں مفید ہیں؛ لیکن دور حاضر کی فحاشی وعریانیت اور لایعنی ولغویات بھرے ماحول کی وجہ سے ان چیزوں کا صحیح استعمال کم ہے اور غلط وفضول استعمال زیادہ۔ اور زمانہ کی ترقی اور اسباب وسائل کی فراوانی نے ان چیزوں کا حصول آسان سے آسان تر اور نہایت سستا بنادیا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عوام وخواص کا ایک بڑا طبقہ ان پر ٹوٹ پڑا اور ان کے استعمال میں اس درجہ مست ہوگیا کہ اب عام طور پر لوگوں کو صحیح وغلط، جائز وناجائز اور ضرورت اور فضول ولایعنی کی کوئی تمیز واحساس نہیں رہ گیا یا خوف خدا اور فکر آخرت کے فقدان یا ان کی کمی نے احساس زیاں سے محروم کردیا ہے۔ اور اس وبا سے اسکول وکالجز اور مدارس اسلامیہ کے طلبہ واساتذہ بھی محفوظ نہیں رہ سکے، جس کا اثر طلبہ کی تعلیم وتربیت پر پڑا؛ اس لیے اس بات کی سخت

www.besturdubooks.net

ضرورت تھی کہ انٹرنیٹ اور واٹس ایپ وغیرہ کے غلط استعمالات کی نشان دہی اور ان کی قباحت سے لوگوں کو واقف کیا جائے اور قرآن وحدیث کی روشنی میں لوگوں کو ان چیزوں کے غلط و بیجا استعمال سے منع کیا جائے؛ تاکہ امت مسلمہ اپنے مقصد اصلی سے ہٹنے نہ پائے اور جو لوگ انٹرنیٹ اور واٹس ایپ وغیرہ کے ذریعے غلط راستوں پر جارہے ہیں، ان کو صحیح راستہ کی رہنمائی کی جائے۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں عزیزم مفتی محمد مرشد قاسمی سلمہ استاذ جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور کو، عزیز موصوف نے اس سلسلہ میں ایک رسالہ لکھا ہے، جس میں موصوف نے واٹس اپ اور انٹرنیٹ وغیرہ کے غلط و بیجا استعمال سے متعلق ناصحانہ انداز میں تفصیلی گفتگو کی ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ ان چیزوں کے غلط اور بیجا استعمال سے بچا جائے ورنہ یہ چیزیں مفید ہونے کے بجائے مضر و نقصان دہ ہوں گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ موصوف کی کاوش کو حسن قبول عطا فرمائیں اور اسے امت کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنائیں، آمین یا رب العالمین، وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و أصحابہ أجمعین۔

سعید احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری
خادم دار العلوم دیوبند
۱۹/شعبان ۱۴۳۸ھ

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

التقریظ

عالم ربانی عارف باللہ، پیکر حق گوئی وبے باکی

حضرت مولانا مفتی محمد شعیب اللہ خان صاحب مفتاحی دامت برکاتہم

(بانی ومہتمم جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور)

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین ،

اما بعد :

زمانہ حاضر کی ظاہری ترقیوں اور مادی فلاح مندیوں نے اپنا سکہ عوام وخواص سبھی پر ایسا جمالیا ہے کہ وہ ان کے سامنے اپنی عقل کے استعمال کی صلاحیت بھی کھو چکے ہیں، گویا کہ ان کی عقل ان رنگا رنگ ترقیوں کو دیکھ کر ایسی مدہوش ہوگئی ہے کہ کسی کام کی نہ رہی، چناں چہ بے شمار زہریلے وخطرناک اثرات سے یہ ترقیاں اور ان کے نتیجے میں ظاہر ہونے والی ایجادات انسانی نفوس وعقول کو مسموم کرتی جارہی ہیں۔ ایمان ویقین اور عبادات وطاعات کو کمزور کرتی جارہی ہیں اور ہمہ قسم کے معاصی وگناہوں میں مبتلا کرتی جارہی ہیں، مگر بایں ہمہ بڑے بڑے عقل کے مدعیوں کو دیکھو کہ وہ ان سب کو فراموش کر کے صرف ظاہری شکل وصورت اور رنگ وروغن سے مرعوب ومتاثر نظر آتے ہیں۔

اسی قسم کی ایک میڈیائی ترقی ''واٹس ایپ'' کی صورت میں آج کل ہلچل مچائی ہوئی ہے، اس میں شک نہیں کہ اس کو کارآمد ومفید کاموں کے لیے بھی بہتر سے بہتر

www.besturdubooks.net

انداز پر استعمال کیا جاسکتا ہے،؛مگر افسوس کہ آج اس کو بھی مختلف قسم کے فالتو وفضول ،بل کہ مضر ومسموم کاموں میں استعمال کیا جارہا ہے۔زیرِنظر مضمون اسی سوچ وفکر کو لوگوں میں بیدار کرنے کے لیے معرض تحریر میں لایا گیا ہے۔مولانا مفتی مرشد قاسمی صاحب (استاذ جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور) نے یہ مضمون ماہنامہ ’’تکبیر مسلسل‘‘ کے لیے لکھا تھا،جس کو مختلف حلقوں میں پسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا اور بعض رسائل نے اس کو شائع بھی کیا پھر مولانا موصوف نے اس کو مزید اضافوں کے ساتھ مرتب کر کے رسالے کی صورت دیدی ہے۔

بندے نے اس کو دیکھا اور مفید معلوم ہوا،دعا ہے کہ اللہ تعالی اس کو مفید بنائے اور قبولیت سے نوازے۔آمین

شعیب اللہ خان مفتاحی

۱۴۳۸/۸/۲۱ھ ۲۰۱۷/۵/۱۸ء

www.besturdubooks.net

التقریظ

منبع علم وعرفاں، رہبر شریعت، شیخ طریقت

حضرت اقدس مولانا محمد عبد القوی صاحب مدظلہ العالی

(مہتمم جامعہ اشرف العلوم، حیدرآباد)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وبہ نستعین

انفارمیشن ٹکنالوجی نے اس قریب زمانے میں جو تیز رفتار ترقی کی ہے اس کی مثال ماضی میں شاید ہی کہیں ملے گی، فون یقیناً ایک کارآمد آلہ ہے اور مفید ذریعۂ رابطہ ہے مگر اس کے ساتھ جڑی بہت سی سہولتیں ایسی ہیں جنہوں نے دورِ حاضر میں ہر عامی و عالم کے مشاغل بدل دیئے ہیں: تعلیمات، انتظامیات، سیاسیات، سماجیات، اور اقتصادیات تمام شعبہ ہائے حیات کو موبائل فون سے جڑی سہولتوں کے بے جا استعمال نے بے حد نقصان پہنچایا ہے، صحیح یہ ہے کہ فون میں موجود سہولتیں بعض پہلوؤں سے نافع بھی ہیں مگر وہ ﴿اثمهما اكبر من نفعهما﴾ کا مصداق ثابت ہو رہی ہیں۔

خصوصاً ''واٹس ایپ'' نے متاعِ وقت کی جو مٹی پلید کی ہے وہ بیان سے باہر ہے، بیان کی ضرورت بھی نہیں کہ عیاں را چہ بیاں؟؛ بالخصوص اہلِ علم و خدامِ دین کا نہایت پیارا اور پسندیدہ مشغلہ بنا ہوا ہے، ان کا وقت کتنا قیمتی ہے اور ان پر ملک و ملت کے تحفظ کی کیسی عظیم ذمہ داری عائد ہے اس کے احساس سے بے خبر ہو کر صبح شام ''واٹس ایپ'' میں لگے ہوئے ہیں۔ _إلا ماشاء الله_ اس قدر بے کار و مبنی بر خرافات مواد

www.besturdubooks.net

کے تسلیم وارسال میں ہمارے علماوائمہ مشغول ہیں کہ کبھی خیال ہوتا ہے کہ کہیں ''واٹس ایپ'' سحر وجادو تو نہیں کہ رابطہ ہوتے ہی عقلیں ماؤف ہوجاتی ہیں اور آدمی شرابی کی طرح اطراف واکناف سے بے خبر عقل وخرد سے آزاد ہوکر اس میں لگ جاتا ہے، رات کے ایک ایک دو دو بجے بھی یہ کام ہوتا رہتا ہے۔

افسوس! جن لوگوں کی راتیں کبھی ذکر وتلاوت، دعاوعبادت، یا پھر علم وتحقیق کا بہترین موقع سمجھی جاتی تھیں آج وہ انٹرنیٹ کے ذریعے ،فیس بک ،واٹس ایپ،ٹوئٹر اور خدا جانے کیا کیا میں بیت رہی ہیں،جس کی وجہ سے دل پراگندہ،خیالات منتشر، اوراخلاق ابتر ہوتے چلے جارہے ہیں،حتیٰ کہ اہل حقوق کے حقوق ضائع اور اہل وعیال عنایت ومحبت سے محروم ہوگئے ہیں؛صورت حال یہ ہے کہ خواہ کچھ بھی نقصان ہوجائے اس پیارے مشغلے سے باز نہیں آنا ہے،بعض نوجوان علما کی ان چیزوں سے والہانہ تعلق کی صورت حال دیکھ کر تو عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

عزیزم مفتی محمد مرشد قاسمی سلمہٗ نے اس موضوع پر قلم اٹھایا اور اس کے نفع وضرر سے متعلق مفیدومؤثر مواد جمع کیا ہے ،مرشد کو ارشاد کا کام کرنا ہی چاہیے،میں نے اس رسالے کو جستہ جستہ مطالعہ کیا ہے، پہلے مختصراً بھی ان کا مضمون پڑھ چکا تھا، مجھے اس سرسری مطالعے سے یہ رسالہ نافع محسوس ہوا؛ اُن کی خواہش پر یہ چند سطور تائید وحمایت میں لکھ کر حق تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ ان کی اس مخلصانہ سعی کو شرفِ قبول عطا فرمائے اور اس رسالے کی اشاعت کو اصلاحِ امت کا سبب بنائے۔ آمین



۲؍رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

التقریظ

صاحبِ علم وحلم، پیکرِ خلوص وتواضع، محسن ومربی

حضرت اقدس مولانا ومفتی عبداللہ صاحب معروفی دامت فیوضہم

(استاذ شعبۂ تخصص فی الحدیث، دار العلوم دیوبند)

انٹرنیٹ واٹس ایپ فیس بک وغیرہ دورِ حاضر کی ایجادات ہیں اور یہ چیزیں فی نفسہ مفید وکارآمد ہیں، جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے عقلِ سلیم اور فہمِ کامل عطا فرمایا ہے وہ حضرات ان چیزوں کے مثبت استعمال کے ذریعے بہت سے دینی وعلمی کام انجام دے لیتے ہیں؛ لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ ایسے لوگ بہت کم ہیں، امت کے ایک بڑے طبقے کو_ خواہ وہ عوام الناس کا طبقہ ہو یا خواص کا_ دیکھا جارہا ہے، کہ وہ ان چیزوں کے مثبت استعمال کو چھوڑ کر بالکل دیوانے کی طرح اس کے غلط اور بے جا استعمال میں مدہوش ہیں اور اس حد تک کہ انہی اس کا بالکل احساس نہیں ہے کہ یہ چیزیں ہمیں تباہی کی طرف لے جارہی ہیں اور ہمارے قیمتی وقت کو غیر محسوس طریقے سے ہم سے چھین رہی ہیں اور ساتھ ہی گناہوں کا بوجھ ہمارے سر پر لاد رہی ہیں۔ اور آئے دن اس بات کا مشاہدہ ہو رہا ہے کہ لوگوں کی ان چیزوں کی خرافات میں دل چسپی بڑھ رہی ہے اور اس کے مضرات سے ان کی آنکھوں پر غفلت کا دبیز پردہ

www.besturdubooks.net

پڑتا جارہا ہے۔لہٰذا اس بات کی شدید ضرورت تھی، کہ امت کو ان جدید چیزوں کے صرف صحیح ودرست استعمال کی طرف توجہ دلائی جائے اوراس کے فضول اور بے کار استعمال سے متنبہ کیا جائے؛ تاکہ امت ان چیزوں کے مضرات سے بچ سکے،اسی فکر کو لیکر عزیزم مولانا مفتی محمد مرشد سلمہٗ نے ایک رسالہ مرتب کیا ہے،جس کے مضمون سے موصوف نے مجھے آگاہ کیا،میں اسے امت کے حق میں مفید سمجھتا ہوں اوراللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ عزیز موصوف کے اس چھوٹے سے رسالے کو قبولیت عامہ وتامہ نصیب فرمائے اورآخرت میں موصوف کی نجات کاذریعہ بنائے۔آمین

فقط

عبداللہ معروفی

۸؍رمضان المبارک؍۱۴۳۸ھ

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

احوالِ واقعی

آج سے تقریباً دو سال پہلے ناچیز نے ''آپ واٹس ایپ استعمال کریں مگر'' کے عنوان سے جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور کی ماہنامہ رسالہ: ''تکبیرِ مسلسل'' کے شمارہ نمبر۴، جلد نمبر۳ (بابت: محرم ۱۴۳۷ھ، مطابق اکتوبر ۲۰۱۵ء)، میں ایک مضمون لکھا تھا، جس میں اس کے منفی استعمال کے حوالے سے کچھ گزارشات پیش کی تھیں، یہ رسالہ حیدرآباد کے مشہور عالم دین حضرت مولانا عبدالقوی صاحب ناظم مدرسہ اشرف العلوم حیدرآباد کے پاس پہنچا، حضرت موصوف نے بھی اپنے ماہنامہ رسالہ: ''اشرف الجرائد'' میں شائع فرمایا۔ اللہ تعالیٰ حضرت موصوف کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔ اور ناچیز کو اس کا علم اس طرح ہوا کہ ماہنامہ ''اشرف الجرائد'' کے ایک قاری: حافظ محمد انوار خلیل صاحب (بن حضرت مولانا عبد الرؤف صاحب دامت برکاتہم نائب ناظم مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی) کا ایک خط احقر کے نام آیا، جس میں موصوف نے اشرف الجرائد میں شائع شدہ احقر کے مضمون کا تذکرہ کیا اور مضمون کی افادیت کے پیش نظر نے موصوف نے باقاعدہ کتابچہ کی شکل میں شائع کرنے کا مشورہ دیا، احقر نے موصوف کے مشورے پر غور کیا تو مناسب مشورہ معلوم ہوا اور بعض دوستوں سے ذکر کیا تو انہوں نے بھی یہی کہا کہ آپ ضرور اسے کتابچہ کی شکل دیں اور اب پہلے سے کہیں زیادہ واٹس اپ کے غلط استعمالات پر لوگوں کو توجہ دلانے کی ضرورت ہے؛ اس لیے احقر نے

www.besturdubooks.net

مضمون پر نظر ثانی کی اور اب سابقہ مضمون حک وفک اور کچھ اضافات کے ساتھ پیش خدمت ہے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ ناچیز کی اس کاوش کو شرف قبول عطا فرمائیں اور امت مسلمہ کے لیے مفید تر بنائیں، آمین یارب العالمین۔

اخیر میں میں حدیث شریف ''**من لم یشکر الناس لم یشکر الله**'' کے بموجب اپنے ان تمام بزرگوں اور محسنوں کا بے پناہ شکر ادا کرتا ہوں جنھوں نے اپنے قیمتی ارشادات وآراء سے نواز کر اس بے مایہ وبے سرمایہ کی حوصلہ افزائی فرمائی، اور ذرہ نوازی کی ساتھ ہی ان تمام لوگوں کا بھی بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے اس رسالے کے وجود میں آنے میں کس بھی طرح کا ادنیٰ تعاون بھی کیا خاص طور پر عزیزم مولوی نثار احمد متعلم جامعہ ہذا کے حق میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو ہر طرح سے خوب نوازے کہ رسالے کے آغاز سے پریس میں جانے تک موصوف پوری بشاشت سے مکمل ساتھ دیتے رہے۔

محمد مرشد قاسمی عفا اللہ عنہ
خادم جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور
۱۳/۷/۱۴۳۸ھ مطابق ۱۱/۴/۲۰۱۷ء سہ شنبہ

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آغاز کتاب

دور حاضر میں انٹرنیٹ، واٹس ایپ اور فیس بک وغیرہ جیسی عام استعمال کی جدید چیزوں سے تقریباً آج کا ہر شخص واقف ہے، کیا عورت کیا مرد، کیا بوڑھا کیا جوان، کیا شہری کیا دیہاتی، کیا پڑھا لکھا کیا جاہل؟ ہر ایک اپنی دلچسپی کے بقدر اس سے لطف اندوز ہو رہا ہے، اپنی محنت کی کمائی اور زندگی کے قیمتی لمحات کو بڑی فراوانی کے ساتھ اس بھٹی میں جھونک رہا ہے، اپنی جائز ضرورتوں سے آگے بڑھ کر بہت سی بے ضرورت اور گناہ کی چیزوں میں بھی اسے استعمال کر رہا ہے، روپیے پیسے اور قیمتی وقت کی قربانی دے کر گناہ کے بوجھ خرید خرید کر اکٹھا کر رہا ہے؛ لیکن حیرت وافسوس ہے اس انسان پر کہ اسے کوئی لمحہ ایسا میسر نہیں آرہا ہے کہ جس میں تھوڑی دیر کے لیے غور کرے، ذرا سنجیدگی سے سوچے کہ ان چیزوں سے فائدہ اٹھانے کا کیا طریقہ ہے اور کس حد تک اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے؟ اس سلسلے میں ہونے والی بے احتیاطیاں اور لاپرواہیاں دیکھ کر یہ ناچیز جس قدر متأثر اور پریشان ہوا، اس قدر شاید اور کسی چیز سے اب تک نہیں ہو؟ اوجہ یہ تھی کہ اس میں امت کا ہر طبقہ، عوام ہو کہ خواص، پڑھا لکھا ہو کہ جاہل سب ہی بری طرح بے احتیاطی کا شکار ہے اور دل چھلنی ہو کر تو اِس وقت رہ جاتا ہے؛ جب بالخصوص اپنی علما وطلبہ برادری کے لوگوں کو اس میں بہت شوق ودل چسپی کے ساتھ اپنے مقصد سے غافل ہو کر اپنے قیمتی اوقات کی بھینٹ چڑھا کر خوش ہوتے ہوئے دیکھتا ہے، جب اس سلسلے میں بہت عموم دیکھنے کو ملا، دوسری جانب اس کی بے احتیاطیاں اور مفاسد اجاگر کر کے اس سے محتاط ومتنبہ رہنے کے سلسلے میں کوئی قابل ذکر تحریر پڑھنے یا

www.besturdubooks.net

بیان سننے کونہیں ملا، تو ہر طرح کی بے مائیگی و بے بضاعتی کے باوجود خود ہی قلم اٹھالیا اور دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ جہاں تک ہو سکے امت کو اپنی بساط کے بہ قدر (اور انسان اتنے کا ہی مکلّف ہے) اس کے مثبت استعمال کی طرف توجہ دلائی جائے اور منفی استعمال سے انہیں روکنے کی کوشش کی جائے، جس کا طریقہ یہ اپنایا گیا کہ ''واٹس ایپ، انٹرنیٹ'' وغیرہ کے جو بڑے بڑے مفاسد اور اس کے ذریعے رونما ہونے والی بڑی بڑی خرابیاں ہیں ان میں سے کچھ مفاسد وخرابیاں امت کے سامنے پیش کردی جائیں؛ تاکہ لوگوں کو کچھ تنبہ ہوجائے اور اس سلسلے کی بے احتیاطیوں سے بچا جاسکے؛ لہٰذا اسی غرض سے چند اہم باتوں کی طرف توجہ دلائی جارہی ہے، جس کے سلسلے میں بہت ہی زیادہ غفلت ہے، ان میں سے ایک وقت ہے۔

ضیاعِ وقت

وقت انسان کی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے، یہ اتنا قیمتی اور انمول ہیرا ہے کہ اس کی کوئی قیمت نہیں لگائی جاسکتی، بڑی سے بڑی رقم صرف کرکے بھی اسے حاصل نہیں کیا جاسکتا، سونے، چاندی، ہیرے جواہرات روپے پیسے سب ضائع ہونے اور ہلاک ہونے کے بعد دوبارہ حاصل ہوسکتے ہیں؛ بل کہ پہلے سے زیادہ مقدار میں حاصل ہوسکتے ہیں، لیکن وقت وہ سرمایہ ہے جو ضائع ہونے کے بعد پورا تو کیا ادنیٰ بھی دوبارہ حاصل نہیں ہوسکتا، یہ وہ سرمایہ ہے کہ اگر اس کی مکمل حفاظت نہیں کی گئی، ذرا بھی سستی برتی گئی تو یہ بالکل برف کی طرح پگھل کر ضائع ہوجائے گا، اور اس سرمائے سے نفع اٹھانا تو درکنار خود سرمایہ بھی ضائع ہوجائے گا، جس سے سرمایہ دار کا نقصان بدیہی ہے۔

آج تک دنیا میں جن لوگوں نے بھی ترقی کی اور جس لائن سے بھی ترقی کی ان کی ترقی کا راز اسی سرمایہ کی حفاظت اور اس کا صحیح استعمال اور واقعی قدر دانی ہے، سلف

www.besturdubooks.net

صالحین اور اکابرین امت میں حفاظت وقت کے سلسلے میں ایسی مثالیں موجود ہیں جنہیں پڑھ کر، سن کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ گویا وہ ایک مشین تھے جو ہر وقت کام میں لگے ہوتے تھے؛ ان کی قیمتی زندگی کا کوئی لمحہ فضول چیزوں میں صرف نہیں ہوتا تھا، وہ اس سرمایے کو نہایت سوچ سمجھ کر خرچ کرتے تھے اور نفع حاصل کرنے کی کوشش کرتے تھے، یہی وجہ ہے کہ ان حضرات نے اپنی اسی، ساٹھ ستر سالہ زندگی میں وہ کارنامے انجام دیے کہ آج عقلیں حیران ہیں، اس طرح کے کارنامے انجام دینے کے لیے بڑی بڑی عمریں ختم ہوسکتی ہیں۔

آپ دیکھیں اور پڑھیں ائمہ اربعہ کو، امام ابو یوسف کو، امام محمد کو، امام زفرؒ کو، ابن جریر طبری کو، علامہ نووی کو، ابن حجر عسقلانی کو، علامہ عینی کو، ابن تیمیہ کو، جلال الدین سیوطی کو، ملا علی قاری کو،، امام ربانی حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کو، حضرت مولانا خلیل احمد سہارن پوریؒ کو، حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ کو، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلویؒ کو، اور حضرت مولانا حضرت علی میاں ندوی رحمہم اللہ کو۔ اور موجودہ اکابرین میں استاذ محترم حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم العالیہ (شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم دیوبند) کو، حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم اور حضرت مولانا مفتی شعیب اللہ خان صاحب مفتاحی مدظلہ العالی (بانی ومہتمم جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور) وغیرہم کو آپ دیکھیں کہ مختصر زندگی میں کس قدر تصنیفات ان حضرات کے قلم گوہر بار سے وجود میں آچکی ہیں اور ان حضرات کی علمی کاوشوں کا سلسلہ اب بھی اس طرح رواں دواں ہے کہ رکنے اور تھمنے کا نام لینے کو تیار نہیں۔

یہ وہ حضرات ہیں کہ جنہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی لمحات کی خوب قدر کی، اس قیمتی سرمایے کو خوب ناپ تول کر استعمال کیا، تو آج سالوں گزر جانے کے بعد بھی ان کا

www.besturdubooks.net

نیک نام ہمارے درمیان زندہ وروشن ہے وہ دنیا سے چلے گئے لیکن اپنی دینی علمی خدمات کے ذریعے وہ ابھی ہمارے درمیان موجود ہیں اوران شاء اللہ تا قیامت رہیں گےاوردنیاان کے علمی سرمایے سے مستفید ہوتی رہے گی۔

یہ وقت اور زندگی جو ہمیں ملی ہوئی ہے ہم اس کے مالک نہیں، اللہ تعالیٰ نے ہماری جانوں کو خرید لیا ہے، اب ہمیں اس بات کا اختیار نہیں کہ ہم اپنی زندگی کے اوقات کو جیسے چاہیں جہاں چاہیں گزار دیں، ہم اس کے مالک نہیں، مالک کوئی اور ہے، اب ہمیں اسی کے حکم کے مطابق زندگی کے ہر لمحے کو استعمال کرنا ہوگا اوراس مالک حقیقی نے ''سورۃالعصر'' کے نام سے ایک مکمل سورت نازل فرما کراوراس طرح اپنے پاک کلام میں متعدد جگہ پر رات ودن اور صبح وشام کی قسم کھا کر یہ واضح فرمادیا کہ وقت کتنی اہم اور قیمتی چیز ہے؛ کیوں کہ خدا تعالیٰ ایسی چیز کی قسم نہیں کھاتے جو غیر اہم اور معمولی ہو۔

اسی طرح حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے جوامع الکلم میں صاف طور پر واضح فرمادیا کہ زندگی کے لمحات کس قدر اہم وقیمتی ہیں؛

چناں چہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''لاتزول قدما ابن آدم حتی یسئل عن خمس عن عمرہ فیما أفناہ الحدیث''(۱)

ترجمہ: قیامت کے دن انسان کے دونوں پیر اپنی جگہ سے اس وقت تک نہیں ہٹ سکتے جب تک اس سے پانچ باتوں کے متعلق سوال نہ کرلیا جائے، جن میں ایک: اس کی زندگی کے قیمتی لمحات ہیں، ان کے بارے میں سوال ہوگا کہ زندگی کے لمحات کس چیز میں صرف کیے؟

اندازہ لگایئے کہ وقت کی اہمیت اور زندگی کے اوقات کو خوب سمجھ کر استعمال کرنے کے سلسلے میں یہ حدیث شریف کتنی واضح ہے، اگر ہم نے ان لمحات کو یوں ہی ضائع کردیا تو خدا تعالیٰ کے سامنے جواب دیے بغیر ہم ہٹ نہیں سکتے اور یقینی بات ہے

(۱) رواہ الترمذي برقم :۲۴۱۶

www.besturdubooks.net

کہ ہم اس سوال کا جواب نہیں دے سکتے اور پھر ایسی صورت میں ہمارا انجام واضح ہے (اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے)؛ لہٰذا ہم پر لازم اور ضروری ہے کہ ہم اس قیمتی سرمایے کی مکمل حفاظت کریں، صحیح معنی میں اس کی قدر کریں اور اسے فضول خرچ ہونے سے بچائیں۔

آج اس سرمایے کے فضول ضائع ہونے کا سب سے بڑا محرک ''واٹس ایپ'' کا بے جا استعمال ہے، اگر محاسبہ کیا جائے تو روزانہ کے کئی گھنٹے ہمارے اس میں فضول صرف ہوتے نظر آئیں گے، جن کا ہمیں کوئی احساس نہیں اور جس کی طرف ہماری کوئی توجہ نہیں، ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں کہ یہ مہلک چیز کس قدر غیر محسوس طریقے سے ہماری زندگی کے ڈھانچے کو ختم کر رہی ہے، اور ہمارا یہ دشمن ہم سے کس چالاکی کے ساتھ ہمارا نہایت قیمتی سرمایہ لے رہا ہے، اور ہم خوش خوش اسے دیے چلے جا رہے ہیں، خدارا! ذرا غور کیجیے کچھ دیر ٹھنڈے دماغ سے سوچیے، جائزہ لیجیے کہ کیا مذکورہ بالا باتیں صحیح وحق نہیں؟ کیا یہ دشمن ہم پر اس طرح حملہ آور نہیں ہے؟ ہماری قیمتی چیز ہم سے چھین لینے کے درپے نہیں؟ اگر جواب اثبات میں ہے اور یقیناً ہے تو پھر ہمیں اس دشمن سے محتاط ہونا پڑے گا، اس کے استعمال میں احتیاط برتنی ہوگی، فضول کاموں اور لغویات سے بچنا ہوگا، حدود میں رہنا ہوگا تاکہ یہ دشمن کبھی ہم پر غالب نہ آسکے۔

دوسروں کے وقت کا بھی ضیاع

ضیاعِ وقت کا یہ سلسلہ خود ''واٹس ایپ'' استعمال کرنے والے کی ذات تک محدود نہیں؛ بل کہ اس کا ضرر متعدی ہے، ''واٹس ایپ'' کا بے جا استعمال دوسروں کے بھی وقت کو ضائع کرتا اور ان کی مصروفیت میں مخل ہوتا ہے، خاص طور پر جب لوگ ''واٹس ایپ'' کسی گروپ میں شامل ہو کر استعمال کرتے ہیں تو ایسی صورت میں زیادہ تر مسیج وغیرہ ایسے ہوتے ہیں جو ہر ایک کے کام کے نہیں، پھر جب پیغام آجاتا ہے تو بادل ناخواستہ کھول کر دیکھتے ہیں پھر اسے بے کار پا کر ضائع (Delete) کرتے ہیں

www.besturdubooks.net

اور اتنی دیر میں ذہن کام کی طرف سے ہٹ جاتا ہے اور الجھن کا شکار ہو جاتا ہے؛ بل کہ المیہ تو یہ ہے کہ جب اس طرح کے لوگوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ غیر ضروری میسج نہ بھیجیں، مصروفیت میں خلل ہوتا ہے تو ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں، جملے کستے ہیں، یہ ناچیز ''واٹس ایپ'' کا استعمال کسی گروپ میں شامل ہوئے بغیر کرتا ہے، بعض مرتبہ کچھ دوستوں نے از خود گروپ میں شامل کرلیا اور پھر میسج وغیرہ کی بمباری شروع کردی، اور جب ناچیز نے ان کی بمباری سے بچنے کے لیے گروپ سے نکل کر اپنی جان بچانے کی کوشش کی تو بہت سے نوکیلے الفاظ اور طرح طرح کے طنزیے جملے وفقرے سننے پڑے۔

اسی طرح میرے ایک درسی ساتھی جو دارالعلوم میں میرے ساتھ پڑھ رہے تھے، انہوں نے بھی وقتاً فوقتاً کچھ نہ کچھ میسج کرنا شروع کردیا، جس سے کتابوں کے مطالعہ میں ودیگر مصروفیات میں خلل ہونا شروع ہوا، میں نے نہایت ہی ادب سے اور محبت آمیز لہجے میں ان سے گزارش کی کہ اگر کوئی ضروری بات رہے گی تو براہِ راست فون پر کرلیں گے؛ لیکن آپ ''واٹس ایپ'' پر کچھ نہ بھیجیں۔ میری اس بات میں یا درخواست میں کون سا ایسا لفظ تھا جس پر وہ ناراض ہو گئے، آج تک حیران و پریشان ہوں وہ خود ہی بے فائدہ میسج کر رہے تھے اور میری گزارش پر وہ ناراض ہو گئے فوراً انہوں نے پلٹ کر ایسا میسج بھیجا جو ان کی ناراضگی اور غصے کا غماز تھا، وہ لکھتے ہیں ''بہتر ہے آج کے بعد کچھ بھی نہیں؛ بل کہ تا موت''۔ ان باتوں کے تذکرے سے مقصود صرف یہ ہے کہ واٹس اپ کا غلط و بیجا استعمال دوسروں کے لیے بھی ضیاع وقت کا سبب بنتا ہے اور مصروفیت میں خلل ڈالتا ہے، کیا دوسرے کے قیمتی وقت کو ضائع کرنا، گناہ کا کام نہیں ہے؟ لوگوں کو پریشانی میں مبتلا کرنا معصیت نہیں ہے؟ یقیناً اس سوال کا جواب یہی ہوگا کہ ''ہے''، اگر ہے تو پھر ہمیں اس سے بچنا چاہیے اور دور رہنے کی مکمل کوشش کرنی چاہیے، قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے: ﴿وذروا ظاهر الإثم وباطنه﴾ [انعام:۱۲۰]، یعنی: ظاہری و باطنی ہر طرح کے گناہ چھوڑو۔

www.besturdubooks.net

یکسوئی میں خلل

''واٹس ایپ'' کے بے جا استعمال کی ایک بڑی نحوست یہ ہے کہ ''واٹس ایپ'' انسان کی یکسوئی کو ختم کر دیتا ہے، جو لوگ یکسو ذہن کے ہیں یا ایسے کام میں لگے ہوتے ہیں جن میں یکسوئی کی ضرورت ہوتی ہے، جیسے: درس و تدریس، تصنیف و تالیف، فقہ و فتاوی وغیرہ یا کوئی ایسا دنیوی کام جو یکسوئی چاہتا ہے، ایسے لوگ جب ''واٹس ایپ'' استعمال کرتے ہیں تو پھر یہ چند ہی ایام میں ان کی یکسوئی کو اڑا کر رکھ دیتا ہے، کتب بینی مطالعہ وغیرہ سے ہٹا کر اب آئے ہوئے مسیج کو دیکھنے اور اس کے جواب دینے میں مصروف کر دیتا ہے، نتیجتاً دیکھنے میں یہ آتا ہے کہ ایک طرف کتاب کھلی ہوئی ہے، پنکھے کی ہوا سے اس کے ورق اڑ رہے ہیں اور آں جناب مسیج کا جواب لکھنے میں اس طرح منہمک ہیں کہ لگتا ہے کہ مطالعے سے زیادہ اہم کوئی چیز آ گئی ہے۔ آئے ہائے! ذرا غور کیجیے، کیا ہم نے مطالعے کا حق ادا کر دیا، ایسے مطالعے کے ساتھ جب ہم درس گاہ میں جائیں گے، تو امت کے یہ نونہالان جو ہمارے حوالے کیے گئے ہیں کیا ہم ان کو مطمئن کر سکیں گے؛ کیا ان کا حق ادا ہو جائے گا؟ کیا یہ طلبہ کی حق تلفی اور ان پر ظلم نہ ہو گا؟؛ بل کہ المیہ یہ ہے کہ بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ طلبہ سبق پڑھ رہے ہیں اور استاذ موبائل فون میں مصروف ہیں، طالب علم سبق سنا رہا ہے اور استاذ ''واٹس ایپ'' میں لگے ہوئے ہیں (اللہ تعالیٰ ہمارے حال پر رحم فرمائے)، اسی طرح کبھی نماز میں، کبھی ذکر میں، کبھی دینی مجالس میں، کبھی دنیاوی کسی اہم میٹنگ وغیرہ میں اچانک یہ (واٹس ایپ) بول پڑتا ہے؛ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خود بھی آں جناب کا ہاتھ جیب میں جاتا ہے اور دوسرے تمام لوگوں کی یکسوئی بھی متاثر ہوتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ میری ان باتوں کی تصدیق میرے وہ دینی بھائی ضرور کریں گے جن کو یکسوئی کی ضرورت کا ادنیٰ احساس ہو گا، میرے ایک مخلص اور مشیر نے مجھے ایک مرتبہ فون کیا، دورانِ گفتگو میں نے ان سے

www.besturdubooks.net

ایک حساس موضوع کے متعلق (جواس وقت حساس موضوع تھا) کچھ معلوم کیا جو اُس وقت ''واٹس ایپ'' پر گشت کر رہا تھا، انھوں نے نہایت سنجیدگی سے جواب دیا کہ میں ''واٹس اپ'' استعمال نہیں کرتا کہ اس کے استعمال سے مطالعے میں جی نہیں لگتا، کتاب دیکھنے کی طرف ذہن آمادہ نہیں ہوتا، کتابوں سے دوری ہوتی ہے۔

یقیناً میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ انسان جو زندگی کے لمحات کی قدر کرنے والا ہوگا اور یکسوئی پسند ہوگا اس کا جواب بالکل یہی ہوگا جو اوپر میرے ایک دوست کا ذکر کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ یہ بات ہمارے دل میں بھی اتار دیں اور دینی مشاغل اور متعلقہ ذمہ داریوں میں مکمل یکسوئی اور انہماک نصیب فرمائیں۔

ہر طرح کی خبریں پھیلانے کا گناہ

جو لوگ ''واٹس ایپ'' کا استعمال گروپ کی شکل میں کرتے ہیں یا گروپ کے بغیر مگر بے جا استعمال کرتے ہیں، وہ لوگ عموماً ہر طرح کی خبروں کو بغیر کسی تحقیق پھیلانا اور عام کرنا شروع کر دیتے ہیں؛ جب کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں دو جگہ اس سے منع فرمایا ہے اور ہر طرح کی خبروں کو بغیر تحقیق پھیلانے اور عام کرنے سے روکا ہے، نیز حضرت نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

《 كفى بالمرء كذبا أن يحدث بكل ما سمع 》(۱)

ترجمہ: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات بیان کر دیا کرے۔

آپ یہ دونوں آیتیں مع پس منظر ملاحظہ فرمائیں:

پہلی آیت:

﴿يٰٓأيها الذين اٰمنوا إن جاء كم فاسق بنبإٍ فتبينوا أن تصيبوا قوماً

---

(۱) رواہ مسلم برقم: ۷

www.besturdubooks.net

بجهالة فتصبحوا علی فعلتم ندمین﴾ (الحجرات:٦)

ترجمہ:اے ایمان والو!اگر کوئی غیر معتبر آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کرلیا کرو،کبھی کسی قوم کو نادانی سے کوئی ضرر پہنچادو،پھر اپنے کیے پر پچھتانا پڑے!(۱)

شانِ نزول

قبیلہ بنو المصطلق کے سردار حضرت حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا،آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اسلام کی دعوت دی اور زکاۃ ادا کرنے کا حکم دیا،میں نے اسلام قبول کرلیا اور زکاۃ ادا کرنے کا اقرار کرلیا اور میں نے عرض کیا کہ اپنی قوم میں جا کر ان کو بھی اسلام کی اور ادائے زکاۃ کی دعوت دوں گا؛ جولوگ میری بات مان لیں گے اور زکاۃ ادا کریں گے ان کی زکاۃ جمع کروں گا،آپ فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو اپنا کوئی قاصد بھیج دیں تاکہ زکاۃ کی جو رقم میرے پاس جمع ہوجائے،وہ میں اس کے سپرد کردوں۔حسبِ وعدہ جب حضرت حارث رضی اللہ عنہ نے ایمان لانے والوں کی زکاۃ جمع کرلی اور وقتِ مقررہ پر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی قاصد زکاۃ کی رقم وصول کرنے کے لیے نہیں پہنچا تو حضرت حارث رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کا اندیشہ ہو؛ کیوں کہ یہ تو ممکن نہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وعدے کے مطابق قاصد نہ بھیجیں،حضرت حارث رضی اللہ عنہ نے اس خطرے کا تذکرہ اسلام قبول کرنے والوں کے سرداروں سے کیا اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کا ارادہ کیا،بعض روایات کے مطابق قبیلۂ بنی مصطلق کے لوگوں کو قاصد آنے کی تاریخ معلوم تھی؛ اس لیے متعینہ تاریخ میں یہ لوگ قاصد کے استقبال کے لیے بستی سے باہر نکل گئے،دوسری طرف یہ ہوا کہ آں حضرت

(۱) ہدایت القرآن:۷/۴۹۸

www.besturdubooks.net

صلی اللہ علیہ وسلم نے مقررتاریخ پر حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کو اپنا قاصد بنا کر زکاۃ وصول کرنے کے لیے بھیج دیا تھا، مگر حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کو راستے میں خیال آیا کہ اس قبیلے سے میری پرانی دشمنی ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ لوگ مجھے قتل کر ڈالیں۔

اور ایک روایت کے مطابق کسی شریر نے حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہہ بھی دیا کہ "إنهم یریدون قتله" یعنی: وہ لوگ آپ کو قتل کرنا چاہتے ہیں۔(۱) جس سے ان کا خیال اور پختہ ہوگیا اور وہ ان کے پاس نہ جا کر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے پاس واپس ہوگئے اور غلط فہمی میں یہ کہہ دیا کہ ان لوگوں نے زکاۃ دینے سے انکار کردیا اور میرے قتل کا ارادہ کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ سن کر بہت غصہ آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کا ایک لشکر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں روانہ کیا اور حکم دیا کہ پہلے واقعے کی تحقیق کریں، اگر واقعی ان لوگوں کی سرکشی ثابت ہو تو ان سے جہاد کریں، حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے لشکر کا جب ان لوگوں سے آمنا سامنا ہوا اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے اس بات کی تحقیق کی تو انہوں نے وضاحت کی کہ ہمارے پاس کوئی قاصد نہیں آیا، اور ہم لوگ ان کے استقبال کے لیے بستی سے باہر جمع ہوئے تھے، نہ کہ قتل کے لیے۔ اس وضاحت کے بعد حقیقت کھلی اور پھر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے واپس آکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سارا واقعہ سنایا کہ یہ ایک غلط فہمی ہوئی تھی جس کی وجہ سے یہ سارا واقعہ پیش آیا، اور اس تحقیق سے ایک بڑا واقعہ جو رونما ہوسکتا تھا وہ نہ ہوسکا اور حقیقتِ حال واضح ہوگئی۔ اس پر اللہ جلّ شانہٗ نے یہ آیت نازل فرما کر ایک اصولی حکم قیامت تک رہنے والے انسانوں کو دے دیا کہ جب کوئی فاسق کوئی خبر دے تو پہلے اس خبر کی تحقیق کریں، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانی سے کچھ لوگوں کو نقصان پہنچا بیٹھو اور پھر اپنے کیے پر پچھتاؤ۔

(۱) تفسیر ابن جریر: ۲۸۶/۲۲

www.besturdubooks.net

دوسری آیت:

﴿وَاِذَا جَاءَ هُمْ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوابِهِ وَلَوْ رَدُّوْهُ إِلَى الرَّسُوْلِ وَإِلَىٰ أُوْلِى الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنبِطُوْنَهُ مِنْهُمْ وَلَوْلَافَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلَّا قَلِيْلاً﴾ (نساء:۸۳)

ترجمہ: اور جب ان کو کوئی خبر پہونچتی ہے چاہے وہ امن کی ہو یا خوف پیدا کرنے والی، تو یہ لوگ اسے (تحقیق کے بغیر) پھیلانا شروع کردیتے ہیں، اور اگر یہ اس (خبر) کو رسول کے پاس یا اصحابِ اختیار کے پاس لے جاتے تو ان میں سے جو لوگ اس کی کھوج نکالنے والے ہیں وہ اس کی حقیقت معلوم کر لیتے اور (مسلمانو) اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تھوڑے سے لوگوں کو چھوڑ کر باقی سب شیطان کے پیچھے لگ جاتے۔(۱)

شانِ نزول

اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں یہ خبر پھیلادی گئی کہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواجِ مطہرات کو طلاق دے دی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جیسے ہی علم ہوا، افوراً مسجد نبوی تشریف لائے، وہاں پہنچ کر دیکھا کہ کچھ صحابہ بھی بیٹھے یہی باتیں کررہے ہیں؛ چناں چہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ٹھہرو، میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تصدیق کرلیتا ہوں، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر کی صحت کے متعلق دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بات غلط ہے، میں نے طلاق نہیں دی، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بآوازِ بلند یہ اعلان کیا کہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواجِ مطہرات کو طلاق نہیں دی ہے، آپ لوگوں نے جو سنا، وہ خبر غلط ہے۔(۲)

(۱) آسان ترجمۂ قرآن: ۱/۲۸۳

(۲) تفسیر ابن کثیر: ۲/۳۶۶، ط: دار طیبہ للنشر والتوزیع، الریاض

www.besturdubooks.net

اسی طرح بعض مرتبہ مسلمانوں کا لشکر جب کفار ومنافقین سے برسر پیکار ہوتا تو کبھی مدینے میں منافقین یہ خبر اڑا دیتے کہ مسلمان کامیاب ہو چکے ہیں، کمزور مسلمان اسے صحیح سمجھ کر خوش ہو جاتے۔ بعد میں ظاہر ہوتا کہ خبر غلط تھی، اسی طرح کبھی اس کے برعکس یہ خبر اڑا دی جاتی کہ مسلمانوں کا لشکر مغلوب ہو گیا ہے، جس سے مسلمانوں میں بے چینی پیدا ہو جاتی؛ بعد میں معلوم ہوتا کہ خبر بے بنیاد تھی۔ (۱)

اس موقعہ پر مذکورہ بالا آیت کریمہ نازل ہوئی۔

مذکورہ بالا آیت کریمہ میں دوٹوک لفظوں میں ہر خبر کو اس کی صحت جانچے پرکھے بغیر تسلیم کر لینے اور اس کو عام کرنے سے روکا گیا ہے اور یہ تعلیم دی گئی ہے کہ جن کے اندر ان خبروں کی صحت کو پرکھنے کی صلاحیت ہے، ان کے سپرد کر دو وہ حضرات اس کے صدق وکذب کا اندازہ کر لیں گے۔

اب مذکورہ بالا دونوں آیتوں پر اس کے پس منظر کو ذہن میں رکھ کر نظر ڈالیں اور غور کریں تو واضح طور پر یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ نہ ہی خبر کی تحقیق کے بغیر خود اس کو تسلیم کرنا چاہیے اور نہ ہی اسے دوسروں تک منتقل کرنا چاہیے؛ اس لیے کہ تحقیق کے بغیر مان لینے اور عمل کر لینے میں بسا اوقات بڑے بڑے فتنے برپا ہو جاتے ہیں، اسی طرح کبھی اس طرح کی بے بنیاد خبروں کو پھیلانے اور عام کر دینے اور پھر دوسروں کا اسے بغیر تحقیق صحیح سمجھ لینے سے بعض مرتبہ لوگ بڑی بے چینی اور پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں، جب کہ حقیقت اس کی کچھ نہیں ہوتی۔

غور کریں اور اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ کیا ہم میں سے بہت سے لوگ ''واٹس ایپ'' کا بے جا استعمال کر کے ان دونوں آیتوں کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کر رہے ہیں، آج دن بھر طرح طرح کی بے اصل اور بے بنیاد خبریں لوگ ایک دوسرے کو (Sent) بھیجتے رہتے ہیں اور ایک شخص بھی کسی خبر کی کوئی تحقیق نہیں

(۱) تفسیر الطبری: ۷/۲۵۳

www.besturdubooks.net

کرتا، بس ''واٹس ایپ'' پر آجانا ہی گویا اس کے صحیح ہونے کی دلیل ہے؛ بل کہ بہت سی مزاحیہ ویڈیو، لطیفے، تصویریں اور اس طرح کی بے کار فضول چیزیں بیٹھے بیٹھے بھیجتے رہتے ہیں، جیسے: کسی نادان نے یہ لطیفہ تیار کردیا کہ ایک بھینس نے جیو سم (Jio Sim) کھالیا ہے، جس کی بنا پر وہ بے انتہا دودھ اور گوبر دے رہی ہے، ڈاکٹروں کو دکھایا گیا تو بتایا کہ مارچ ۲۰۱۷ء سے پہلے بند نہیں ہوگا۔ اور دوسرے لوگ خوب دل چسپی سے اسے ایک دوسرے کو بھیج رہے ہیں اور خوش ہو رہے ہیں اور اپنے قیمتی اوقات کی قربانیاں اس کی اشاعت وترویج میں پیش کررہے ہیں۔ خدارا! ذرا سوچیے! کیا یہ ''واٹس ایپ'' کا صحیح استعمال ہے؟ کیا آج کے نازک دور میں جب کہ گھر بے دینی کا ماحول عام ہے، ہمارا یہی کام اور ذمہ داری ہے کہ ہم اس طرح کی لطیفہ بازیوں میں مصروف رہیں۔

جنید جمشید مرحوم کی تصویر

یہ واقعہ بھی پڑھتے چلیے شاید ''واٹس ایپ'' کے حوالے سے ہماری آنکھیں کھول دے اور ہم اس کے صحیح استعمال کی طرف لوٹ آئیں۔ پڑوسی ملک کی ایک مشہور شخصیت جناب جنید جمشید مرحوم (اللہ تعالیٰ انھیں غریق رحمت کرے) کا ایک جہاز حادثے میں انتقال ہوگیا، حادثہ اتنا خطرناک تھا کہ لاش تک پہچاننا مشکل ہو رہا تھا دو، تین دن تک جب لاش صحیح طور پر پہچانی نہیں جاسکی تو شناخت کے لیے D.N.A ٹیسٹ کا سہارا لیا گیا اور اس کے ذریعے لاش کی شناخت ہوئی، غالباً تیسرے دن؛ لیکن کیا کہیے ''واٹس ایپ'' کی ترقی کو کہ اس پر ایک نہایت صاف ستھری تصویر مرحوم کی چلادی گئی کہ یہ آپ کی شہید ہونے کے بعد کی تصویر ہے، اور لوگ خوب اسے عام کررہے تھے۔ میرے ایک دوست نے مجھے بھی وہ تصویر دکھائی، ؛تصویر پر نظر پڑتے ہی میرے دماغ میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات فوراً ڈال دی

www.besturdubooks.net

کہ یہ تصویر ان کی حقیقی تصویر نہیں ہے، اگر یہ تصویر ان کی ہے اور اتنی صاف ستھری ہے تو پھر وجہ کیا ہے کہ تیسرے دن میں شناخت ہوئی، وہ بھی D.N.A ٹیسٹ کے ذریعے اور پھر الحمدللہ یہ بات واضح ہوگئی کہ وہ تصویر مرحوم کی نہیں تھی؛ لیکن حیرت ہے ان مسلمان بھولے بھالے بھائیوں پر جو اس خبر اور تصویر کے متعلق اتنا بھی غور نہیں کر سکے کہ جب یہ تصویر ان کی اتنی صاف ہے تو پھر وجہ کیا ہے کہ اب تک شناخت نہ ہوسکی جب یہ تصویر ''واٹس ایپ'' پر گشت کر رہی تھی اور لوگ ایک دوسرے کو پرنم آنکھوں سے دکھا رہے تھے تو اس وقت میرا ذہن بار بار عذاب قبر کے منکر ابوالحسین ابن الراوندی کی طرف جا رہا تھا، جس نے ''الباذنجان لما أكل له'' (بیگن جس مقصد سے کھایا جائے گا، وہ پورا ہو جائے گا) حدیث گھڑ کر بھولے بھالے مسلمانوں میں رائج کر کے چوٹ کرنا چاہا تھا کہ مسلمانوں میں نہ عقل ہے نہ تمیز، ایک بیگن جیسی چیز کو اتنا کار آمد بنا کر پیش کیا جائے کہ وہ آب زم زم کے برابر ہو جائے؛ تو بھی یہ لوگ اس کو بے تکلف مان لیں گے؛ کیوں کہ وہ حدیث کے نام پر پیش کی گئی ہے۔ اُس وقت مسلمانوں نے اس کی گھڑی ہوئی حدیث کو مانا ہو کہ نہیں؛ لیکن آج جس طرح ہم اپنے بھولے پن سے ہر خبر کو اور ''واٹس ایپ'' پر چلنے والی ہر حدیث کو صحیح سمجھ رہے ہیں اور بے تحقیق ایک دوسرے کو بھیج رہے اور عمل کی دعوت دے رہے ہیں، اس سے تو یقیناً ہم اس معتزلی کے خیال کی تصدیق کر رہے ہیں؛ جب کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مقبول بندوں کی یہ شان بیان کی ہے کہ جب انھیں اللہ تعالی کی آیات کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان آیتوں پر اندھے اور بہرے بن کر نہیں گرتے۔ (۱) (؛ بل کہ دیدہ و دانا بن کر ان میں غور کرتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں)۔

---

(۱) سورۃ الفرقان: ۷۳

www.besturdubooks.net

نوٹ: ابوالحسین ابن الراوندی معتزلی ہے اور فرقۂ معتزلہ عذابِ قبر کا منکر ہے، لہٰذا جن احادیث سے عذاب قبر ثابت ہوتا ہے وہ لوگ اس کا انکار کردیتے ہیں کہ یہ خلاف عقل ہے اور مسلمان احادیث شریفہ کی بنا پر عذاب قبر کو ثابت مانتے ہیں، اس پر اس معتزلی نے حدیث "الباذنجان لما أكل له" گھڑ کر عام بھولے بھالے مسلمانوں میں رائج کرکے یہ چوٹ کرنا چاہا تھا کہ یہ لوگ ذرا بھی عقل استعمال نہیں کرتے، بس حدیث میں جو کچھ آ گیا فوراً بے سوچے سمجھے اس کو تسلیم کر لیتے ہیں جب کہ عذاب قبر بالکل خلاف عقل ہے۔

راقم کہتا ہے کہ حیرت وافسوس ہے کہ اس معتزلی پر کہ اس کی عقل نے اسے یہ کیوں نہیں سمجھا دیا کہ عذاب قبر کے علم کا ذریعہ وحی ہے اور یہ تیسرا ذریعہ علم ہے جہاں عقل کا دائرہ کار ختم ہو جاتا ہے۔ کیوں کہ عقل تو دوسرے نمبر کا ذریعہ علم ہے، اس سے تیسرے نمبر کی چیزوں کا مکمل ادراک کیسے ہوسکتا ہے؟

ایک عجیب واقعہ

کوئی خبر کو تحقیق کے بغیر پھیلانے سے بات کہاں سے کہاں تک پہنچ سکتی ہے؟ اس کا اندازہ آپ کو حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم کے ایک واقعہ سے خوب اچھی طرح ہو جائے گا، حضرت والا دامت برکاتہم سے کسی نے مسئلہ پوچھا کہ "ٹیپ ریکارڈ" کے ذریعے قرآن پاک کی تلاوت سننے پر ثواب ملتا ہے یا نہیں؟ حضرت نے فرمایا: موجب ثواب ہے، خدا کا کلام سن رہا ہے؛ البتہ براہِ راست سننا اور پڑھنا زیادہ ثواب رکھتا ہے۔ اب حضرت کی اس بات کو اس شخص نے کسی اور کو بتایا ہوگا، اس دوسرے نے تیسرے کو اور تیسرے نے چوتھے کو یہاں تک نوبت پہنچی کہ ایک دن حضرت والا کے پاس ایک صاحب کا خط آیا، اس میں لکھا تھا کہ یہاں ہمارے محلے میں ایک صاحب تقریر میں یہ بات کہہ رہے ہیں کہ مولانا محمد تقی عثمانی صاحب نے

www.besturdubooks.net

یہ فرمایا ہے کہ ''ٹیپ ریکارڈ'' پر تلاوت سننا ایسا ہے جیسے ''ٹیپ ریکارڈ'' پر گانا سننا۔اب اندازہ کریں کہ بات کیا تھی اور ہوتے ہوتے کہاں پہنچ گئی کہ برملا حضرت کے حوالے سے تقریر میں یہ بات کہی جارہی ہے کہ ٹیپ ریکارڈ پر تلاوت قرآن سننا ایسا ہے جیسے ٹیپ ریکارڈ پر گانا سننا۔حضرت نے جواب میں لکھا کہ میرے فرشتوں کو بھی خبر نہیں کہ میں نے یہ بات کہی ہے۔(۱)

غور کیجیے کہ نوبت یہاں تک کیسے پہنچی کیا اس کی وجہ یہ نہیں کہ ہر ایک نے دوسرے سے تحقیق کے بغیر بیان کرنا شروع کر دیا؟اس طرح ایک نہیں بل کہ ہزاروں دینی و دنیاوی امور سے متعلق باتیں اور چیزیں ''واٹس ایپ'' پر چل رہی ہیں،جس کی کوئی تحقیق نہیں،نہ ہی تحقیق کی ضرورت سمجھی جاتی ہے۔

کیا ہر صحیح خبر کو عام کیا جائے گا؟

تھوڑی دیر کے لیے یہ فرض کرلیں کہ ''واٹس ایپ'' پر چلنے والی خبریں صحیح ہیں یا اس کی بعض خبریں یقیناً صحیح ہوتی ہیں،تو بھی ہر خبر کو عام کرنا صحیح نہیں ہوسکتا؛اس لیے کہ بعض مرتبہ کسی خبر کے صحیح ہونے کے باوجود کسی دینی یا ملی فائدے کے پیشِ نظر اسے عام کرنا مصلحت کے خلاف ہوتا ہے کہ جس کی بنا پر اس کا عام کرنا اور پھیلانا درست نہیں،اور پھر ''واٹس ایپ'' گروپ کی شکل میں استعمال کرنے میں یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض مرتبہ ایک خبر ایک کے لیے مناسب ہے،اس کے کام کی ہے؛لیکن دوسرے کے کام کی نہیں یا اس کو سنانا مناسب نہیں اور گروپ کی شکل میں سب کو اسے بادلِ ناخواستہ ہی سننا اور پڑھنا پڑتا ہے،اس سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ ہر خبر کو اگرچہ وہ فی نفسہ صحیح ہو،عام گروپ پر وائرل (عام) نہ کی جائے؛البتہ اگر اسے عام کرنے میں عمومی فائدہ ہو اور اس میں کوئی ضرر کا پہلو نہ ہو تو تحقیق کے بعد ایسی خبر عام کرنے اور پھیلانے میں کچھ حرج نہیں۔

(۱) اصلاحی خطبات: ۱۷/۸۷۲ ملخصا

www.besturdubooks.net

ہر سنی سنائی بات پھیلانے والا جھوٹا ہے

اور خود حضرت نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی مبارک حدیث میں ہمیں اسی بات کی تعلیم دی گئی ہے کہ ہر سنی سنائی بات بیان نہیں کرنی چاہیے؛ بل کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے تو ایسے شخص کو جھوٹا قرار دیا جو ہر سنی سنائی بات (بلا تحقیق) بیان کرنے کا عادی ہو چناں چہ فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات بیان کر دیا کرے، غور کریں کہ ہم ''واٹس ایپ'' کے بے جا اور بے موقع استعمال کے ذریعے کہیں اس حدیث شریف کی وعید میں داخل تو نہیں ہو رہے ؟ مذکورہ بالا حدیث شریف کی رو سے ہمارا شمار جھوٹوں کی فہرست میں تو نہیں ہو رہا ہے؟

بے احتیاطی بعض مرتبہ بہتان تک لے جاتی ہے

''واٹس ایپ'' پر کوئی خبر پھیلانے میں آج کل جو عام بے احتیاطی پائی جا رہی ہے، اس کا انجام کبھی بہتان تک پہنچتا ہے؛ چناں چہ ابھی چند ماہ قبل کی بات ہے کہ کسی شخص نے مخدوم گرامی حضرت مولانا مفتی محمد شعیب اللہ خان صاحب مفتاحی دامت برکاتہم کے متعلق ایک اہم وحساس مسئلے میں یہ خبر پھیلا دی کہ اس سلسلے میں آپ کا یہ موقف ہے؟، اس کے بعد وہ خبر بلا تحقیق ''واٹس ایپ'' کے ذریعے شدہ شدہ مختلف گروپوں میں ہو کر پورے ہندوستان میں پھیل گئی؛ جب کہ حضرت والا کی روح کو بھی اس کی خبر نہیں تھی اور نہ ہی اس وقت تک حضرت والا نے اس سلسلہ میں اپنے کسی موقف کا اظہار کیا تھا؛ لیکن پھر بھی آپ کے نام سے یہ خبر خوب اڑا دی گئی، کیا اس وقت یہ حضرت والا پر بہتان نہیں تھا؟ سراسر الزام نہیں تھا؟ یقیناً تھا، اور اس کا سبب یہی ''واٹس ایپ'' بنا تھا۔

خلاصہ یہ کہ ''واٹس ایپ'' گروپ کی شکل میں استعمال کرنے یا انفرادی طور پر مگر بے جا استعمال کرنے کی ایک خرابی اور نقصان یہ ہے کہ عام طور پر لوگ ہر طرح کی

www.besturdubooks.net

بغیر تحقیق کے عام کردیتے ہیں جواز روئے شرع منع ہے اور ایسا شخص رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم کی نظر میں جھوٹا ہے۔

تصویر کشی عام ہوئی

اسلامی نقطہ نظر سے بلاضرورت تصویر لینا، اس کو باقی رکھنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے، تمام علما اور ائمہ کا اس پر اجماع واتفاق ہے اور اس سلسلے میں متعدد صحیح اور صریح احادیث موجود ہیں، ان میں سے کچھ کا تذکرہ کیا جاتا ہے تا کہ ہمارے لیے یہ بات واضح ہوجائے کہ تصویر کشی اوراس کا ابقاکس قدر اللہ رب العزت اور رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی نظر میں ناراضگی کا باعث ہے۔

(۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

«"دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي البيت قرام فيه صور فتلون وجهه ثم تناول الستر فهتكه ثم قال: إن من أشد الناس عذابا يوم القيامة الذين يشتبهون بخلق الله.» (۱)

ترجمہ: ایک مرتبہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم میرے پاس تشریف لائے جب کہ گھر میں ایک باریک پردہ تھا جس میں تصاویر تھیں، آپ کے چہرے کا رنگ (غصے کی وجہ سے) بدل گیا اور آپ نے اس پردے کو لے کر چاک کردیا، پھر فرمایا کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب والوں میں سے وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی صفت تخلیق میں اس کی نقل اتارتے ہیں۔

(۲): حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

«"سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن أشد الناس عذابا يوم القيامة المصورون"» (۲)

---

(۱) رواه البخاري: رقم الحديث: ۵۶۴۴، ومسلم رقم الحديث: ۳۹۳۷

(۲) رواه البخاري برقم: ۵۴۹۴، ومسلم برقم: ۳۹۴۷

www.besturdubooks.net

ترجمہ: میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب تصویر بنانے والے کو ہوگا۔

(۳): حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، آپ رضی اللہ عنہ سے (تصویر کے متعلق) ایک سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

《سمت محمدا صلى الله عليه وسلم يقول :من صور صورة في الدنيا كلف يوم القيامة أن ينفخ فيها وليس بنا فخ .》(۱)

ترجمہ: میں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس شخص نے دنیا میں کسی جاندار کی تصویر بنائی تو قیامت کے دن اس کو اس میں روح ڈالنے کا مکلّف بنایا جائے گا ؛مگر وہ اس میں روح نہیں ڈال سکے گا (اور اس کو عذاب ہوتا رہے گا۔

(۴): حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

《لاتدخل الملائكة بيتا فيه كلب أو صورة.》(۲)

ترجمہ: اللہ کے فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جہاں کتا یا تصویر ہو۔

یہ اور ان جیسی دوسری بہت سی احادیث شریفہ اسی طرح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا فتح مکہ کے موقع پر جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ (۳) کہتے ہوئے بتوں کے مجسمے کو گرانا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو تصویروں کے ختم کے لئے بھیجنا اسی طرح خود حضرت علی کا حضرت أبو الهياج رحمہ اللہ کو "ألا أبعثک على مابعثني عليه رسول الله صلى الله عليه و سلم أن لا تدع

(۱) رواه البخاري برقم:۵۵۰۶،ومسلم برقم:۳۹۴۶

(۲) رواه البخاري برقم:۵۴۹۳،ومسلم برقم۳۹۲۹

(۳) رواه البخاري برقم :۲۴۷۸

www.besturdubooks.net

تمثالاإلا طمسته "(۱)

ارشادفرما کرتصویر کے مٹانے کے لئے بھیجنایہ سب اس بات پر واضح اور کامل دلیل ہے کہ ہے کہ تصویر بنانا،لینااس کو باقی رکھنااللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ناراضگی اور غصے کا سبب ہے،اسی لیے علمانے ہرقسم کے جاندارکی تصویر کوحرام وناجائز قرار دیا ہے چاہے وہ تصویرمجسم ہو یاغیر مجسم جیسا کہ علامہ نووی ؒمسلم شریف کی مذکورہ بالا حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:**فيه الأمر بتغيير صور ذوات الأرواح.(۲)**

''واٹس ایپ'' کے بے جا استعمال کی وجہ سے بہت سے لوگ ایک اور کبیرہ گناہ میں پھنس چکے ہیں اوراس حدتک کہ احساس زیاں بھی تقریباً ختم ہو چکا ہے،وہ ہے تصویرکا عام کرنا،بہ کثرت لوگ ایسا کرر ہے ہیں کہ بلا وجہ اِدھر اُدھرکی ویڈیو تیار کرکے ''واٹس ایپ'' پرڈال دیا،اسی طرح بالکل بے باکی کے ساتھ موبائل کے ذریعے فوٹو لے رہے ہیں اور''واٹس ایپ'' پرایک دوسرے کوبھیج رہے ہیں؛ بل کہ بعض لوگوں کوتواپنے آپ کومختلف انداز میں دیکھنے کا اتنا شوق ہوتا ہے کہ دن بھرمیں نہ جانے کتنی تصویریں موبائل سے لے کر''واٹس ایپ'' پرڈالتے رہتے ہیں،اس میں تو عام لوگ تو پورے طور پر غرق ہیں ہی ؛لیکن افسوس کے ساتھ مجھے یہ کہنااورلکھناپڑرہاہے بعض خواص اور علما بھی اس میں ملوث ہیں اور بے تکلف اپنی، اسی طرح اپنے دوست واحباب اوربچوں کی تصویریں کھینچ کر ''واٹس ایپ'' پرڈالتے اورایک دوسرے کوبھیجتے رہتے ہیں بل کہ اللہ معاف کرے''پروفائل فوٹو'' میں بھی بہت سی ایسی تصویریں دیکھنے کوملتی ہیں جوصاف بتاتی ہے کہ یہ کسی عالم کی تصویر ہے -ماشاء اللہ- کرتاازارٹوپی چہرے پر ڈاڑھی اس کے باوجود بھی تصویر نکال کر

(۱) رواه مسلم برقم:۹۶۹ والنسائي برقم:۲۰۳۱

(۲) شرح النووی علی صحیح الامام مسلم ۷/۷ ۲المطبعة المصرية بالأزهر

www.besturdubooks.net

"پروفائل فوٹو" میں سیٹ کیے ہوئے نظر آتے ہیں۔ کیا ان قائدین امت کو مذکورہ بالا احادیث اور جو کچھ ان میں وعیدیں بیان کی گئی ہیں، اُن کا علم نہیں ہے؟ بات دراصل یہ ہے کہ "واٹس ایپ" کے استعمال میں ہم اس حد تک آگے بڑھ چکے ہیں کہ ہمارے اندر سے اس بات کا احساس تک ختم ہوگیا کہ کیا صحیح ہے اور کیا غلط؟ یا ہماری عملی صلاحیت حد درجہ ختم ہوتی جارہی ہے۔

حرمین شریفین بھی محفوظ نہیں

تصویر کشی اور ویڈیو سازی کا سلسلہ اتنا عام ہو چکا ہے کہ اس منحوس عمل سے حرمین شریفین جیسی مقدس و متبرک جگہیں بھی محفوظ نہیں رہیں، راقم کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے ابھی حال ہی میں عمرے کی توفیق بخشی، اس سفر میں حرمین شریفین میں تصویر کشی اور ویڈیو سازی کی جو کثرت دیکھنے کو ملی، اس سے صاف اندازہ ہوتا ہے کہ لوگ اب عبادت کے لیے نہیں؛ بل کہ محض سیر و تفریح کے لیے حج و عمرے پر آرہے ہیں اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئی: "ایک زمانہ آئے گا کہ اس امت کے اغنیاء سیر و تفریح کے لیے حج کریں گے"(۱)

حرف بہ حرف صادق آتی نظر آرہی تھی، حرمین شریفین کی کوئی ایک ایسی جگہ دیکھنے کو نہیں ملی جہاں لوگ تصویر کشی اور ویڈیو سازی کے گناہ میں ملوث نہ نظر آرہے ہوں، خاص طور پر چند واقعات جس سے دل بہت زیادہ دکھا آپ حضرات کو بتانا چاہتا ہوں ،اللہ تعالیٰ اس عمل کی قباحت ہمارے دل میں بٹھادے۔

پہلا واقعہ

ایک مرتبہ راقم کعبہ شریف کے دروازے اور ملتزم کی طرف جانے کی کوشش کررہا تھا، چوں کہ یہ دعا کی قبولیت کی جگہ ہے؛ اس لیے قدرے بھیڑ تھی، لوگ ذرا مشقت سے آگے بڑھ رہے تھے، میں نے دیکھا کہ ہم سے آگے ایک عورت بڑی مشکل سے

(۱) جمع الجوامع للسیوطی برقم: ۲۵۶۹۴

www.besturdubooks.net

ملتزم کی طرف بڑھ رہی ہے، جب وہ ملتزم تک پہنچ گئی تو تھوڑی سی جگہ بنا کر اپنے پرس سے بڑا سا موبائل فون نکال کر ویڈیو تیار کرنا شروع کر دیا، کہاں گیا ملتزم؟ اور وہاں چمٹ کر دعا کرنا؟ مجھ سے برداشت نہیں ہوا اور بالآخر میں نے ذرا سخت لہجے میں اسے متنبہ بھی کیا مگر اس پر جنون ایسا طاری تھا کہ ناصح کی نصیحت کام نہ آئی۔

دوسرا واقعہ

اسی طرح ایک مرتبہ میں نے ایک شخص کو مطاف میں دیکھا کہ اس نے ایک دوسرے شخص کو موبائل فون دیا اور کہا کہ میں اس طرح ہاتھ اٹھاتا ہوں کہ گویا میں دعا کر رہا ہوں اور تم میرا فوٹو نکالو؛ چناں چہ اس نے کعبہ شریف کی طرف پشت کی اور ہاتھ اٹھایا گویا کہ وہ دعا کر رہا ہے اور اس طرح اس کے دوسرے ساتھی نے اس کا فوٹو کھینچا، گویا اس نے دعا مانگنے کی شکل بنائی، غالبا یہ بتانے کے لیے کہ جان پہچان کے لوگ اسے دعا مانگتا دیکھیں۔

تیسرا واقعہ

حرم نبوی شریف میں یہ ناچیز امام الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے ظاہری آداب کی رعایت کرتے ہوئے آہستہ آہستہ صف میں چل رہا تھا جیسے ہی روضۂ مبارک پر سلام عرض کر کے ذرا آگے بڑھا کہ دیکھا کے میرے بعد جس شخص کا نمبر تھا، اس نے روضہ مبارکہ پر پہنچ کر فوراً اپنا موبائل نکالا اور ویڈیو بنانی شروع کر دی اور نہایت بے توجہی کے ساتھ سلام عرض کیا، میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ جس وقت اس نے سلام عرض کیا اس وقت اس شخص کا چہرہ قبلے کی جانب تھا، جب کہ سلام عرض کرنے کے وقت پشت قبلہ کی جانب ہوتی ہے اور اس کی پوری کوشش ویڈیو بنانے میں صرف ہو رہی تھی۔

میرے بھائیو! اندازہ کیجیے ہم کہاں کھڑے تھے؟ کس ہستی کو سلام پیش کرنے گئے تھے؟ کس سے گناہوں کی بخشش کی سفارش کرانے گئے تھے؟

www.besturdubooks.net

چوتھا واقعہ

ایک دن میں جنت البقیع میں تھا، پولیس والے کسی قبر کے پاس کھڑے ہو کر کچھ پڑھنے نہیں دے رہے تھے؛ اس لیے ہلکے ہلکے قدموں سے چلتا ہوا قرآن پاک کی تلاوت کر رہا تھا کہ ایک شخص میرے پاس آیا اور اپنا موبائل فون مجھے دیتے ہوئے کہا کہ میں ایک قبر کے پاس کھڑا ہوتا ہوں، میرا فوٹو نکالیے، میں نے اسے سخت ڈانٹ پلائی کہ قبر کی زیارت امام الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے کرنے کو فرمایا کہ یہ آخرت کی یاد دلاتی ہے اور تم یہاں فوٹو نکالنے کو کہہ رہے ہو، بالآخر وہ خاموش ہو کر چلا گیا اور یہ ناچیز کافی دیر تک اس واقعے پر افسوس کرتا رہا۔

یہ چند واقعات ہیں جس سے خاص طور پر میں پریشان ہوا، ورنہ عمومی طور پر مطاف، مقام ابراھیم، حطیم، ملتزم، باب کعبہ، صفا، مروہ، روضۂ پاک، ریاض الجنۃ، جنت البقیع، جنت المعلیٰ اور دیگر مقامات مقدسہ پر پہنچ کر لوگ بالعموم تصویر لینے اور ویڈیو بنانے میں مصروف رہتے ہیں اور کوئی انہیں یہ تک کہنے والا نہیں کہ یہاں عبادت کے لیے آئے ہیں یا پھر تصویر لینے۔ بعض لوگوں کو تو مطاف میں بیٹھے ہوئے گھنٹوں دیکھا کہ ویڈیو کالنگ میں لگے ہیں انہیں کچھ احساس ہی نہیں کہ خانۂ خدا کے سامنے ہیں یا کسی تفریح گاہ میں؟

ذرا غور کریں تو یہاں بھی وہی بات سمجھ میں آتی ہے کہ تصویر لینا، بنانا، اس کا باقی رکھنا جب سخت ترین گناہ ہے؛ اس کے باوجود بھی اس میں لوگوں کا ابتلا عام ہے تو اس کی بڑی وجہ ملٹی میڈیا موبائل ہے، اسی نے لوگوں کے دلوں سے تصویر کی حرمت کی قباحت نکال دی ہے اور نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے عملاً تو لوگ اس کو غلط سمجھنے کو تیار ہی نہیں اگرچہ فی نفسہ ممکن ہے تصویر کشی کے عمل کو ناجائز سمجھتے ہوں اور واٹس اپ اور فیس بک نے تصویر کشی اور ویڈیو سازی اس لیے بڑھا وا دیا کہ لوگ عام طور پر فیس بک یا واٹس اپ پر ڈالنے کے لیے تصویر کشی یا ویڈیو سازی کرتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

میرے بھائیو! خدا تعالیٰ نے تمام چیزوں کو ہمارے لیے بنایا ہے ﴿خَلَقَ لَكُمْ مَّافِي الْأَرْضِ جَمِيعًا﴾ ہمیں ہی ان سے فائدہ اٹھانا ہے؛ لیکن اس کا خیال ضرور رکھنا ہوگا کہ ہمیں ان چیزوں سے فائدہ خدا کے قانون اور حدود کی رعایت کرتے ہوئے اٹھانا ہے، اپنی مرضی اور خودساختہ نظریے کے مطابق نہیں۔ اللہ تعالیٰ تصویر کشی کی حرمت کی قباحت ہمارے دلوں میں بیٹھادیں اور ہمیں اس سے باز رہنے کی توفیق بخشیں۔

باہمی ربط ضبط اور انسانیت کی کمی

''واٹس ایپ'' کی ایک خرابی یہ بھی ہے کہ اس نے پاس بیٹھے ہوئے ایک انسان کو دوسرے سے کاٹ کر رکھ دیا ہے، گھر میں ماں باپ بھائی بہن اولاد دیگر رشتے دار موجود ہوتے ہیں؛ لیکن منظر یہ ہوتا ہے کہ ماں، باپ، بیٹا بیٹی، بھائی، بہن اور گھر کے دیگر افراد سب اپنے اپنے موبائل میں مصروف ہیں، ''واٹس ایپ'' پر لگے ہوئے ہیں، ایک گھر اور ایک ہال میں موجود ہونے کے باوجود گھنٹوں گزر جاتے ہیں؛ مگر کوئی ایک دوسرے سے بات چیت کرنے کو بھی تیار نہیں ہوتا۔ غور کیجیے! کیا اس سے دوریاں پیدا نہیں ہوں گی، اولاد کے اخلاق خراب نہیں ہوں گے؟ ماں باپ کی عظمت واحترام ان کے دلوں سے نہیں نکلے گی؟ کیا ان کی صحیح تربیت نہ کرنے کا ہمیں گناہ نہیں ہوگا؟

ایک سبق آموز واقعہ

ابھی اوپر کی سطروں میں آپ نے پڑھا کہ ''واٹس ایپ'' نے انسانوں کو بھی ایک دوسرے سے کاٹ دیا ہے، اس کا ایک عجیب واقعہ رفیق محترم جناب مولانا سید خالد صاحب قاسمی (شیموگہ) استاذ جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور نے سنایا، وہ یہ ہے کہ تقریباً ایک سال پہلے موصوف کے دادا کا انتقال ہوا (اللہ تعالیٰ مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائیں)، کچھ رشتے دار تعزیت کے لیے آئے، کرسیاں ڈالی گئیں، وہ ان پر بیٹھ گئے اور اپنا اپنا موبائل کھول لیے، موصوف نے سوچا کہ دادا کے انتقال پر یہ لوگ تعزیت کے لیے آئے ہیں، لہٰذا ان کے پاس جا کر بیٹھنا چاہیے، موصوف جا کر ان

www.besturdubooks.net

کے پاس بیٹھ گئے؛ مگر وہ حضرات اپنے موبائل ہی میں لگے رہے اور ایک دوسرے سے موبائل کے ذریعے کچھ لیتے دیتے رہے اور موصوف کی طرف متوجہ بھی نہ ہوئے، بات کرنا، تسلی دینا تو درکنار؛ جب کافی دیر ہوگئی اور وہ حضرات اسی طرح مصروف رہے تو موصوف اٹھ کر گھر کے اندر چلے گئے اور وہ حضرات اور بھی کچھ دیر تک اسی طرح مصروف رہے پھر وہ حضرات بھی اٹھ کر اپنے گھر چلے گئے۔ کہاں کی تعزیت؟ کہاں کی تسلی؟ دیکھیے! کس قدر افسوس کی بات ہے کہ آئے ہی تھے تعزیت کے لیے مگر ''موبائل'' اور ''واٹس ایپ'' نے انہیں کس قدر مصروف کر دیا کہ وہ ایسے موقعہ پر بھی ایک تسلی کا لفظ زبان سے نہیں نکال سکے اور جیسے آئے تھے ویسے ہی واپس ہو گئے۔

یہ ہے ''واٹس ایپ'' کا اثر کہ اس کے دیوانوں پر ایسا نہ ختم ہونے والا جنون سوار ہو گیا ہے کہ وہ ہر وقت ''واٹس ایپ'' ہی کو کھول کھول کر دیکھتے رہتے ہیں یا پھر کچھ الٹی سیدھی چیزیں تیار کر کے دوسروں کو پریشان کرتے رہتے ہیں۔

ایک لطیفہ

ہمارے مہتمم حضرت مولانا مفتی محمد شعیب اللہ خان صاحب مفتاحی دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ بہ روز جمعرات ہفتہ واری مجلس (منعقدہ بہ مقام: مسجد بید محلّہ بیڈ واڑی، بنگلور) میں ایک لطیفہ سنایا، ناچیز بھی حضرت والا کی مجلس میں موجود تھا۔ لطیفہ یہ سنایا کہ ایک فیملی کے جھگڑے کا مقدمہ جج کے سامنے پیش ہوا، ہر فریق نے اپنا اپنا مدعیٰ پیش کیا، جج نے مقدمے کی سماعت کی اور پھر کہا کہ آپ لوگوں کی باتیں سن کر ایسا لگ رہا ہے کہ آپ لوگوں کا کوئی بھی وقت بغیر جھگڑے کے نہیں گزرتا، کیا کوئی ایسا وقت ہے جس میں آپ لوگ جھگڑتے نہ ہوں اور وہ خوش نصیب وقت بغیر جھگڑے کے گزر جاتا ہو؟ اس پر ان میں سے کسی نے جواب دیا کہ جج صاحب! جی ہاں، ایک وقت ایسا خوش نصیب ہے جس میں جھگڑا نہیں ہوتا، جج نے کہا وہ کون سا وقت ہے؟ جواب دیا گیا کہ جب ہم سب لوگ اپنے اپنے موبائل میں

www.besturdubooks.net

مصروف رہتے ہیں۔

واٹس ایپ کی طرح انٹرنیٹ کا غلط استعمال

اب تک ایک حد تک ''واٹس ایپ'' کے منفی استعمال کی کچھ خرابیاں ہمارے سامنے آئی ؛مگر ذرا غور کریں تو ان سب اور ان کے علاوہ بے شمار برائیوں اور بے حیائیوں کا اصل منبع وسر چشمہ ''انٹرنیٹ'' کا غلط استعمال ہے؛ کیوں کہ نیٹ کے بغیر نہ واٹس اپ چل سکتا ہے اور نہ فیس بک پر جایا جا سکتا ہے اور اس میں ہر وقت انسان کے غلط راستے پر پڑ جانے کا خطرہ درپیش ہوتا ہے، یہ بات پورے یقین اور وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ ''انٹرنیٹ'' کے غلط استعمال نے جس قدر معاشرے کو تباہ کیا ہے، بے حیائیوں اور منکرات کو عام کیا ہے نو جوانوں کے اخلاق کو خراب کیا ہے ،انسانوں کو برائیوں کا خوگر و گرویدہ بنایا ہے، گناہوں کا کرنا آسان بنا دیا ہے،اس طرح اور اتنا فساد نئی وجود میں آنے والی چیزوں میں سے کسی اور چیز سے رونما نہیں ہوا،کسی چیز نے بھی اتنا فساد برپا نہیں کیا،اتنے اخلاق سوز واقعات کسی اور چیز کے ذریعے سننے کو نہیں ملے۔پہلے ٹی وی گھر میں ہوتی تھی اور اب ہر انسان کے جیب میں ٹی وی نہیں بل کہ اس سے بھی کئی گنا خطرناک اور اخلاق سوز جرائم کے لیے ملٹی میڈیا موبائل اور نیٹ کا غلط استعمال ہوتا ہے؛ اس لیے اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے معاشرے سے بے حیائیاں دور ہوں اور حیا و پاک دامنی اس کی جگہ لے،گناہ کے جراثیم ختم ہو جائیں اور نیکیاں و بھلائیاں اس کی جگہ پر آ جائیں،اخلاقی گراوٹ ختم ہو اور لوگ عمدہ اخلاق سے مزین و آراستہ ہو جائیں، گناہوں سے بچنا آسان ہو جائے اور اچھائیوں کا ماحول عام ہو تو لازماً ہمیں یہ پختہ ارادہ اور عزم مصمم کرنا ہوگا کہ اگر ہم بالکلیہ انٹرنیٹ سے دور نہیں ہو سکتے تو کم از کم اتنا تو ضرور کرنا ہوگا کہ ہم اس خطرناک چیز سے نہایت محتاط طریقے سے فائدہ اٹھائیں، بہت چوکنا رہیں،صرف دینی یا دنیاوی جائز ضرورت میں ہی اسے استعمال کریں ،اس کے علاوہ بالکل اس سے دور اور کنارہ کش رہیں، ورنہ قوی

www.besturdubooks.net

اندیشہ ہے کہ یہ ہمیں اپنے مہلک اثرات سے متأثر کردے اور ہم مذکورہ بالا خرابیوں کا شکار ہوجائیں، جیسا کہ آج کل مشاہد ہے۔ اور یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ آج لوگ اس کا استعمال اچھی اور جائز چیزوں سے زیادہ بری اور غیر ضروری چیزوں میں کررہے ہیں جو ہمارے معاشرے اور اخلاق کو جلا کر راکھ کیے جارہا ہے۔

انٹرنیٹ کھینچتا ہے

انٹرنیٹ کے کچھ مضرات کا تذکرہ اوپر کی سطروں میں گزرا، ان کے علاوہ اس مہلک چیز کی ایک خرابی یہ ہے کہ جب انسان اسے کھولتا ہے تو یہ اسے اپنی طرف کھینچتا چلا جاتا ہے، ایک چیز کے بعد دوسری، اس کے بعد تیسری، اسی طرح یکے بعد دیگرے انسان نہ جانے کتنی چیزوں کو کھولتا چلا جاتا ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جس مقصد کے تحت کھولا تھا وہ تو اپنی جگہ رہا اور دس طرح کی دوسری چیزوں میں پھنس گئے، پورا وقت ضائع ہوگیا اور ہاتھ کچھ نہیں آیا؛ بل کہ عام طور پر اسی طرح کے غلط استعمال سے لوگ گناہوں میں پڑ جاتے ہیں؛ کیوں کہ اس میں غالب عنصر اسی کا ہوتا ہے؛ بل کہ بسا اوقات تو محسوس ہوتا ہے کہ شاید دشمنوں نے گناہوں اور بے حیائیوں کو ہی پھیلانے اور عام کرنے کے لیے ایسی چیزیں تیار کی ہیں۔

ایک واقعہ

جب ناچیز مادرِ علمی دار العلوم دیوبند میں دار الافتا کا طالب علم تھا، اس وقت ”لبنان“ سے محمود نامی ایک طالب علم دار العلوم دیوبند تحصیل علم کے لیے تشریف لائے ، وجہ یہ ہوئی تھی کہ ان کے ایک استاذ جو لبنان ہی کے تھے اور دار العلوم کے فاضل تھے وہ محمود کے سامنے علمائے دیوبند کی علمی پختگی، علوم وفنون میں مہارت، عمدہ اخلاق وکردار، اعلیٰ درجے کا تقویٰ وطہارت، بے مثال تواضع وانکساری، ضرب المثل استغنا اور ان کا طرۂ امتیاز، دین کی صحیح قولی وعملی تشریح کا بہ کثرت تذکرہ کیا کرتے تھے، استاذ سے علمائے دیوبند کے اوصاف سن کر محمود کے دل میں یہ خیال پیدا ہوگیا اور دن بدن پروان

www.besturdubooks.net

چڑھتا گیا اور دل کے اندر یہ شوق انگڑائیاں لینے لگا کہ میں بھی ان پاکیزہ ہستیوں سے کچھ کسبِ فیض کرلوں کہ ابھی موقع ہے، چناں چہ وہ دارالعلوم آئے اور تقریباً ایک مہینہ رہ کر اساتذۂ دارالعلوم کے اندر ان اوصاف کو تلاش کیا جو ان کے استاذ نے بتایا تھا جب وہ سارے اوصاف انہیں اساتذۂ دارالعلوم میں مل گئے اور انہیں مکمل اطمینان ہوگیا تو وہ واپس ہوگئے اور پھر باضابطہ وہ دوبارہ لبنان سے دارالعلوم کے طالب علم بن کر آئے ، رہائش کے لیے اگر چہ دارالعلوم کے مہمان خانے میں ان کا انتظام تھا؛ لیکن وہ باہر ہی ایک صاحب کے مکان میں غالباً کرائے سے رہتے تھے اور دارالعلوم آکر اپنے ذوق کے مطابق اساتذہ کرام کے اسباق میں شریک ہوتے ؛ لیکن اس دوران ان سے وہ پابندی نہیں ہوتی تھی جو ہونی چاہیے، ایک دن میں نے دوستانہ انداز میں ان سے عرض کیا کہ آپ لبنان سے آئے ہی ہیں اساتذۂ دارالعلوم سے فائدہ اٹھانے کے لیے ؛ لیکن آپ پابندی سے درس میں نہیں آتے؟ اس پر انہوں نے جو جواب دیا کہ وہی یہاں مقصود ہے، انہوں نے افسوس کے ساتھ جواب دیا کہ کیا کروں جب کبھی صبح کے وقت انٹرنیٹ کھول کر بیٹھ جاتا ہوں تو پھر اسے کھولتا ہی چلا جاتا ہوں اور کئی کئی گھنٹے گزر جاتے ہیں، کچھ پتہ نہیں چلتا جب گھڑی دیکھتا ہوں تو درس کے اوقات ختم ہو چکے ہوتے ہیں؛ اسی لیے میں پابندی سے حاضر نہیں ہو پاتا۔

یہ ہے انٹرنیٹ کا خاصہ کہ یہ اس طرح انسان کو پھنسا کر رکھ دیتا ہے کہ اس سے نکلنا مشکل اور دشوار ہو جاتا ہے۔

مال کا ضیاع

انٹرنیٹ کا ایک بڑا نقصان ضیاع مال ہے، یہ مال ودولت جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں عنایت فرمایا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، جو لوگ فقر وفاقہ کی زندگی بسر کرتے ہیں وہی سمجھ سکتے ہیں کہ یہ کیسی نعمت ہے؛ لہٰذا اس کا صحیح استعمال کرنا اور اسے فضول بے کار چیزوں میں ضائع ہونے سے بچانا ہم پر لازم اور ضروری ہے، ورنہ کل

www.besturdubooks.net

قیامت کے دن جب ہم سے اس مال کے متعلق سوال کیا جائے گا کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ تو پھر ہم سے صحیح جواب نہیں بن سکے گا، بکثرت دیکھنے کو مل رہا ہے کہ لوگ اچھی خاصی رقم خرچ کر کے نیٹ کا کنکشن لے رہے ہیں یا ریچارج کر رہے ہیں اور پھر اسے غیر ضروری؛ بل کہ گناہ کے کاموں میں استعمال کر رہے ہیں، کیا یہ مال کی تضییع نہیں ہے؟ کل قیامت کے دن اس کو ضائع کرنے اور اس کے بدلے گناہ کا بوجھ لادنے کے متعلق سوال نہ ہوگا؟ پھر بتائیں کہ اگر ہم غیر محتاط ہو کر بغیر سوچے سمجھے اس میں اپنے مال کو ضائع کر دیتے ہیں تو کیا ہم عقل مند ہیں؟ کیا یہ سفاہت کی بات نہ ہوگی کہ رات و دن دوڑ دھوپ کر کے ہم کچھ پیسے حاصل کریں اور پھر اس گاڑھی کمائی کو ایسی بے کار چیزوں میں گناہوں کے بدلے صرف کر دیں؟ ابھی اپنے عمرے کے سفر میں مکہ مکرمہ میں ایک جگہ بڑا سا بورڈ لگا ہوا دیکھا جس میں یہ لکھا تھا حج وعمرہ پیکیج دس GB ۹۰ دن کے لیے ۱۳۰/ ریال میں، ذرا حساب لگایئے کہ ایک سو تیس ریال کی رقم ڈھائی ہزار روپے کے قریب ہوئی، کیا حاجی یا معتمر وہاں اس لیے گیا ہے کہ اتنی بڑی رقم بے ضرورت کاموں میں صرف کرے، لیکن یہ بات سچ ہے کہ بہت سے حجاج اور معتمرین وہاں جا کر نیٹ پیک خریدتے ہیں اور اسے خوب بے جا استعمال کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ صحیح سمجھ نصیب فرمائے۔

عام مسلمان بھائیوں سے گزارش

اب تک کی سطور میں راقم الحروف نے ’’واٹس ایپ، انٹرنیٹ‘‘ وغیرہ کے منفی استعمال کی مضرتیں ونقصانات کا تذکرہ کیا؛ جس سے اتنی بات تو بالکل واضح ہو چکی کہ اگر ہم نے مکمل احتیاط کے ساتھ ان کا استعمال نہیں کیا تو یقیناً یہ چیزیں ہمیں لے ڈوبیں گی اور دنیا وآخرت دونوں جگہ ہم ناکام ہو جائیں گے۔ اب میں اپنے تمام دینی بھائیوں اور بہنوں سے یہی گزارش کرتا ہوں کہ ہم اپنے تخلیق کے مقصد کو پیشِ نظر رکھیں آخرت کا استحضار کریں؛ اللہ تعالیٰ کے سامنے کی پیشی کو سوچیں اور اس مستعار

www.besturdubooks.net

زندگی کو ہم نے کیسے استعمال کیا؟ اس کے اوقات ہم نے کہاں صرف کیے؟ ان سوالوں کا جواب ہمیں دینا ہوگا، اسے ذہن میں لائیں تا کہ ہم اپنی زندگی کے رخ کو صحیح راستے کی طرف رکھ سکیں، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچ سکیں، ان کی دی ہوئی نعمتوں کو صحیح طور پر استعمال کر سکیں اور ان کی پیدا کردہ چیزوں سے ان کی قائم کردہ حدود میں رہ کر فائدہ اٹھا سکیں اور بطور خاص اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ ''واٹس اپ، انٹرنیٹ'' کا بالکل ہی بے محل اور بے موقع استعمال نہ کریں، کہ یہ چیز جس طرح آخرت کو خراب کرنے والی ہیں، اسی طرح ان کا بے جا استعمال مسلمانوں کو اس ملک کے اندر بہت سی پریشانیوں میں ڈال رہی ہیں جس کا تذکرہ بعض اکابر علما نے کیا ہے اور امت کے نوجوانوں سے اس سلسلے میں مکمل احتیاط کی اپیل کی ہے۔ یاد رکھیں کہیں ایسا نہ ہو کہ ہماری ادنیٰ لاپرواہی کی وجہ سے امت بڑی مصیبت اور فتنے میں پڑ جائے۔ (اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین)

حضرات علمائے کرام سے گزارش

یقیناً علمائے کرام سے کچھ گزارش کرتے ہوئے ''چھوٹا منھ بڑی بات'' کی کہاوت بار بار ذہن میں آرہی ہے؛ لیکن اپنی اس برادری کے لوگوں میں بھی جس قدر ان چیزوں کے استعمال میں بے احتیاطی دیکھنے اور سننے کو ملی ہے، اس کی وجہ سے بار بار دل میں یہ خیال آرہا ہے کہ معذرت کے ساتھ ان رہنمایان امت سے بھی کچھ گزارش کرلوں۔ امید کرتا ہوں کہ یہ علمائے کرام ناچیز کی کوتاہیوں اور بے ادبیوں کو معاف فرمائیں گے!

حضرات علمائے کرام انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کے وارث ہیں اور یہ بات بھی حدیث شریف سے ثابت ہے کہ انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کی میراث دینار و درہم نہیں؛ بل کہ علم دین ہے، جسے علمائے کرام نے حاصل کیا ہے، اب علمائے کرام حضرات انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کے صحیح وارث اسی وقت کہلائے جانے کے مستحق

www.besturdubooks.net

ہوسکتے ہیں جب حضرات انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کے مشن کو لے کرآگے بڑھیں اوروہ نہایت عظیم الشان مشن ہے، جسے خدائے تعالیٰ کے تشریعی نظام سے جانا جاتا ہے،سارے انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کاواحد مقصداسی تشریعی نظام کی امت کے اندرافہام وتفہیم تھا کہ انسان کودنیامیں رہتے ہوئے اس میں اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ تمام چیزوں سے منتفع ہوتے ہوئے خدائے تعالیٰ نے جوحدودوقیودمتعین فرمائی ہیں، ان کامکمل لحاظ کرنا ہے،ان سے تجاوز اورانحراف کی کوئی گنجائش نہیں،خواہشات پامال ہوجائیں،نفس ٹوٹ کر رہ جائے ،اپنے غیر ہوجائیں، طعنے اور فقرے کسے جائیں،لعنت وملامت کا غیر متناہی سلسلہ شروع ہوجائے، بہ ظاہر نقصان وخسارہ نظر آئے،سب کچھ ہوجائے ؛مگر خدائے تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون اورمتعین کردہ حدود کی کسی بھی صورت میں خلاف ورزی نہیں ہونی چاہیے ؛بل کہ اس کے خلاف سوچنا بھی نہیں چاہیے، یہی وہ تشریعی نظام کے افہام وتفہیم کی ذمے داری تھی جسے حضرات انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام انجام دے کر دنیا سے تشریف لے گئے، اب یہ عظیم الشان ذمے داری اس مبارک جماعت کے ہرہرفرد کے ذمے عائد ہے کہ وہ اسے لے کرآگے بڑھے اورامت کوبتائے کہ ہمیں اس کائنات میں رہنا ہے،اس کی اشیاسے فائدہ اٹھانا ہے؛مگراس کا طریقہ وہ ہوگا جوخدا تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے،اسی کے مطابق ہمیں زندگی گزارنی ہے۔

اب ذراغورکریں کہ حضرات علمانے اس تشریعی نظام کومدارس میں سیکھا،انبیا کی وراثت حاصل کی ،اب اگر وہ اسے لے کر بیٹھ جائیں اورفضول وبے کار چیزوں میں اپنے قیمتی وقت کوصرف کرنے لگیں،اس اہم ذمے داری سے غفلت برتنے لگیں،اس کا احساس اپنے اندر سے ختم کرلیں کہ ہمیں نبیوں والے مشن کولے کرآگے بڑھنا ہےتو یہ کس قدرافسوس کی بات ہے!

بس حضرات علما سے نہایت ادب واحترام کے ساتھ یہی گزارش ہے کہ ہم اپنے

www.besturdubooks.net

مقصد اور مشن کا ذرا استحضار کرلیں اور اپنی ذمے داری کے متعلق ذرا سوچیں، ان شاء اللہ ہم بہت آسانی سے ''واٹس ایپ، فیس بک اور انٹرنیٹ'' کی فضولیات سے بچ جائیں گے، ہمارا بہت سارا وقت محفوظ ہوکر دینی کام میں لگ جائے گا، اللہ تعالیٰ بہت سے لوگوں کو ہمارے ذریعے سے فائدہ پہونچادے گا، ہمیں روشن چراغ بنادے گا، جس سے امت منتفع ہوتی رہے گی۔

بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ آج ہمارے اس مبارک طبقے میں بھی بہت سے حضرات بری طرح انٹرنیٹ اور واٹس ایپ وغیرہ کے بے جا اور بے محل استعمال کے دل دل میں پھنسے ہوئے ہیں، جو انہیں اس عظیم الشان ذمے داری سے غافل بنائے ہوئے ہے جس کا تذکرہ ابھی ہوا؛ بل کہ ہمیں کرنا یہ ہے کہ ہم خود بھی ان چیزوں سے صرف ضرورت کی حد تک فائدہ اٹھائیں اور امت کے افراد کو بھی اسی بات کی تعلیم دیں کہ وہ حضرات بھی اسے صرف دینی یا دنیاوی جائز چیزوں کے لیے استعمال کریں؛ کیوں کہ علما تو امت کے لیے نمونہ ہیں؛ لہٰذا انہیں ہر لحاظ سے بہت ہی اعلیٰ وارفع بننا ہوگا تاکہ وہ امت کی صحیح قیادت وسیادت کرسکیں۔

طلبہ کرام سے گزارش

میرے عزیز طلبہ کرام! آپ مختلف خطے اور علاقوں سے مدارس اسلامیہ ومراکز اسلامیہ میں خدا تعالیٰ کا دین سیکھنے کے لیے جمع ہوئے ہیں؛ بل کہ جمع کیے گئے ہیں، آپ حضرات جن علاقوں، شہروں اور گاؤوں سے آئے ہیں اگر آپ ان کا جائزہ لیں تو بڑی تعداد امت کے نونہالوں کی ایسی ملے گی جو اسکولوں اور کالجوں کا رخ کرچکی ہے (اللہ تعالیٰ ہی ان کے دین وایمان کی حفاظت فرمائیں)، آٹے میں نمک کی طرح بہت مختصر تعداد ہے جو اللہ تعالیٰ کا دین سیکھنے کے لیے مدارس میں داخلہ لیتی ہے، یا یہ کہہ لیجیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے ان کا انتخاب فرمایا ہے، آپ کے اوپر بہت بڑی ذمے داری عائد ہونے والی ہے، آپ میں سے ہر ایک کو نہ جانے کتنے

www.besturdubooks.net

گاؤں اور علاقے کا خیال رکھنا ہے، ان کی دینی وملی فکر کرنی ہے، انہیں بددینی کے دل دل سے نکال کر حق کی شاہ راہ پر لا کر کھڑا کرنا ہے، آج امت سسک رہی ہے، اس کی خبر گیری کرنے والا کوئی نہیں، امت پیاسی آپ کے انتظار میں ہے، آپ ہی وہ ہیں جو ان کی پیاس بجھائیں گے، آج امت طرح طرح کے فتنوں اور مصائب وآلام سے دوچار ہے، ہر آن فتنے ہی فتنے ہیں، اور ہر آنے والا فتنہ پہلے فتنے سے بڑا ہے، ایسے وقت میں امت کو سہارا دینے والے آپ ہی ہیں، آپ مستقبل میں امت کے سب سے قیمتی سرمایے ہیں، بڑی محنت اور خون پسینے کی کمائی امت آپ کے لیے صرف کررہی ہے، آپ نہایت اونچے مقصد کو لے کر مدارسِ اسلامیہ میں آئے ہیں، اپنے ماں باپ، بھائی بہن، دوست واحباب وغیرہ سب کو چھوڑ کر محض اس لیے آئے ہیں تاکہ پہلے ہم خود انسان بن جائیں پھر اوروں کے انسان بننے کی فکر کریں۔

ذرا سوچئے کہ کیا جس کا مقصد اتنا اونچا ہوگا، جس کی ذمے داری اتنی اہم اور وسیع ہوگی، جس کے کام کا میدان اتنا طویل وعریض ہوگا، اسے اپنے مقصد اور ہدف کو پانے میں کس قدر کوشش کرنی ہوگی؟ اپنے آپ کو کس درجے میں تیار کرنا ہوگا؟ اپنے کام میں کتنے دُھن سے لگنا ہوگا؟ کیا ہم موبائل فون میں لگ کر کرکٹ کے کھیل کو اپنا محبوب بنا کر سیر وتفریح ہنسی مذاق کو اپنا شیوہ بنا کر اسی طرح دیگر لغویات وفضولیات میں پھنس کر ہم اتنے عظیم مقصد کو پا سکتے ہیں؟ کیا ہم امت کی راہ نمائی کر سکتے ہیں؟ کیا ان کے زخم پر مرہم رکھ سکتے ہیں؟ کیا ان کی کسی بھی طرح کی خدمت کے لیے ہم اپنے آپ کو تیار کر سکتے ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں، اگر ہمیں اپنے مقصد میں کامیاب ہونا ہے، زندگی کے ہدف کو پانا ہے تو سب سے پہلے تعلیمی زندگی میں ہمیں اپنے جیب میں موجود دشمن کو نکال کر باہر پھینکنا ہوگا، اس سے دشمنی کرنی ہوگی، اسے اپنا دشمن سمجھنا اور باور کرنا ہوگا۔ آج طلبہ کے لیے ملٹی میڈیا موبائل سے زیادہ مضر کوئی چیز نہیں، اس نے طلبہ کی یکسوئی ختم کردی ہے، ان کے اخلاق وکردار کو جلا کر راکھ کردیے ہیں، طلبہ کو ان کے بلند وبالا

www.besturdubooks.net

مقاصد سے کوسوں دور کر دیا ہے، اب عام طلبہ کے ذہنوں میں کوئی مقصد نہیں رہا، کوئی ہدف نہیں رہا، بس وہ یوں ہی سبق میں جا کر بیٹھ جاتے ہیں اور محض رسمی طور پر حاضری دیتے ہیں۔

میرے عزیز بھائیو! حضرت نانوتویؒ بھی کسی زمانے میں ہم اور آپ کی طرح طالب علم تھے، اس کے بعد ہی وہ حجۃ الاسلام بنے، شیخ الہند بھی طالب علمی کے مراحل سے گزر کر ہی شیخ الہند بنے، حضرت مدنی کے اوپر بھی طالب علمی کا دور گزرا تھا، اس کے بعد ہی وہ شیخ الاسلام بنے، علامہ انور شاہ کشمیریؒ بھی کبھی ہم اور آپ کی طرح کبھی درسگاہ میں اساتذہ کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیے نظر آتے تھے، اس کے بعد ہی آپ رئیس المحدثین بنے، حضرت تھانویؒ کا نام بھی کبھی طالب علموں کے رجسٹر میں لکھا ہوتا تھا، اس کے بعد ہی آپ حکیم الامت بنے -رحمہم اللہ- لہٰذا اگر ہم اپنے اسلاف واکابر کی طرح چمکنا چاہتے ہیں، انہیں کی طرح سسکتی ہوئی امت کی مسیحائی کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں سب سے پہلے تعلیم کے لیے پورے طور پر یکسو ہونا پڑے گا، اپنے اسلاف واکابر کی طرح طالب علمانہ زندگی گزارنی ہوگی، اپنے آپ کو پورے طور پر علم کے حوالے کرنا ہوگا اور اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم ہر لایعنی اور فضول چیزوں سے پورے طور پر کنارہ کش ہو جائیں، اپنے آپ کو حصول علم کے لیے پورے طور پر فارغ کرلیں، آج سب سے بڑی وہ چیز جو ہماری یکسوئی پر حملہ آور ہے، وہ ہے ہماری جیب کا ملٹی میڈیا موبائل۔ سبق ہو کہ مذاکرہ، نماز ہو کہ کوئی اور عبادت، ہر وقت یہ الجھنیں پیدا کرتا رہتا ہے اور پھر بھی ہم اسے ساتھ لیے پھرتے ہیں۔ خدارا! اسے اپنے سے مکمل علاحدہ کر دیجیے کہ آپ کے سکون کو غارت کر دے گا، اخلاق کو فاسد اور خراب کر دے گا، مقصد سے ہٹا دے گا اور قیمتی وقت کو ضائع کر دے گا، ممکن ہے کہ ملٹی میڈیا موبائل چھوڑ دینے کا میرا یہ مشورہ آپ لوگوں کو آج کے ماحول میں کچھ عجیب سا معلوم ہو، آپ لوگ مجھے قدامت پسند سمجھیں یا دنیا کی ترقی سے ناواقف سمجھیں؛ بل کہ اس

www.besturdubooks.net

سے آگے بڑھ کر یہ بھی ممکن ہے کہ آپ مجھے پاگل و دیوانہ سمجھیں؛ لیکن مجھے چڑھتے سورج کی طرح یقین ہے کہ آپ اپنے مقصد کے حصول میں سو فیصد یکسو ہو کر اس وقت تک نہیں لگ سکتے جب تک اسے اپنے جیب سے نہ نکال دیں۔

جامعہ اسلامیہ مسیح العلوم بنگلور میں تو الحمدللہ طلبہ کے لیے ہر طرح کے موبائل فون کا استعمال بالکل ممنوع ہے، جس سے الحمدللہ اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور اہل خانہ سے رابطہ کی ضرورت ہفتہ یا مہینہ میں کسی نہ کسی طرح پوری ہو جاتی ہے۔

اور اگر بڑے مدارس میں یہ قانون سخت و دشوار معلوم ہو تو کم از کم ملٹی میڈیا موبائل کے استعمال پر تو پابندی ہونی ہی چاہیے؛ کیوں کہ اصل فساد و بگاڑ اور برائیوں کی جڑ ملٹی میڈیا موبائل ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائیں اور تمام طلبہ کرام کو یکسوئی کے ساتھ علم دین حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں، آمین۔

واٹس ایپ اور انٹرنیٹ کا مثبت استعمال

راقم نے ''واٹس ایپ اور انٹرنیٹ'' کے تعلق سے جو باتیں ماقبل کی سطروں میں عرض کی ہیں، ان میں تقریباً ہر جگہ اس بات کی وضاحت موجود ہے کہ ان چیزوں کے منفی استعمال کی مذمت اور اس کے غلط استعمال سے اپنے بھائیوں کو روکنا اور دور رکھنا مقصود ہے، مطلقاً اس کو چھوڑ دینا اور اس کو غلط قرار دینا مقصود و مطلوب نہیں؛ لیکن اس اندیشے سے کہ ممکن ہے کہ کچھ لوگ یہ سمجھ بیٹھیں کہ میں اس ترقی کے دور میں ''واٹس اپ، فیس بک اور انٹرنیٹ'' وغیرہ سے لوگوں کو دور رہنے اور ان کو بالکلیہ چھوڑ دینے کا مشورہ دے رہا ہوں، جو آج کے الیکٹرانک دور میں ایک نامعقول اور سمجھ سے باہر کی بات ہے تو ایسے لوگوں کے ذہن کو صاف کرنے کی غرض سے راقم نے اس بات کو مستقل ایک عنوان کے تحت ذکر کیا ہے، جس میں اسی بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ہم ان چیزوں سے کیسے فائدہ اٹھائیں؟ یہ بات تو بہت ہی واضح؛ بل کہ نص قرآنی سے ثابت ہے کہ زمین میں جو کچھ بھی ہے، وہ سب اللہ تعالیٰ نے ہمارے (انسانوں) کے فائدے کے

www.besturdubooks.net

لیے پیدا فرمائی ہیں؛ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ نے تمام چیزیں ہمارے فائدے کے لیے پیدا فرمائی ہیں تو ہمیں ان چیزوں سے فائدہ اٹھانا ہے،ان سے اپنی ضرورت پوری کرنی ہے؛ مگر ان کے استعمال اورفائدہ اٹھانے کا طریقہ کیا ہوگا؟ کیسے فائدہ اٹھایا جائے گا؟ ان چیزوں سے کیسے ضرورت پوری کی جائے گی؟ اس کا طریقہ ہم خود متعین نہیں کر سکتے؛ بل کہ ہمیں یہاں توقف کرنا ہوگا، اللہ تعالیٰ کی تمام پیدا کردہ چیزوں سے فائدہ اٹھانے کا واحد راستہ اور طریقہ وہی ہے جو خود خدا تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے ہمیں بتایا ہے، جو اصول وضوابط ،حدود وقوانین اللہ تعالیٰ نے متعین کر دیے ہیں،ان سے ہٹ کر اورانہیں پس پشت ڈال کر اپنی مرضی سے جس طرح چاہیں ہم فائدہ اٹھائیں، یہ کسی بھی طرح درست نہیں۔ آج ’’انٹرنیٹ،واٹس ایپ‘‘ سے ایک حد تک لوگوں کی دینی ودنیاوی ضرورتیں وابستہ ہوچکی ہیں، لوگوں کو بہت سی مرتبہ اس کی ضرورت پڑتی ہے، ہفتے اور مہینے میں پورا ہونے والا کام منٹوں میں پورا ہوجاتا ہے،مشکل سے حاصل ہونے والی چیزیں بسہولت انسان کو میسر آجاتی ہیں، کام کرنے والے لوگ ان چیزوں کی سہولیات کی بنا پر سفر میں بھی حضر ہی کی طرح بہت سارا دینی ودنیاوی کام کر لیتے ہیں وغیرہ وغیرہ اور بھی اس سے فوائد متعلق ہیں،جن کی بنا پر یہ ناچیز اس بات کی ہمت نہیں کر پا رہا ہے کہ وہ یہ مشورہ دے کہ لوگ مطلقاً ان چیزوں سے کنارہ کش ہوجائیں اوراس کے استعمال کو شجرۂ ممنوعہ سمجھیں۔البتہ وہی پچھلی بات کا ایک بار پھر اعادہ کر رہا ہے کہ ان چیزوں کے استعمال میں ذرا احتیاط سے کام لیں، دینی اموراور دنیاوی جائز کاموں میں ہی ان کا استعمال کریں،انھیں ضیاع وقت کا ذریعہ نہ بنائیں،انھیں تفریح کا سامان نہ سمجھیں،اسے بلاضرورت اور بے موقع ہرگز استعمال نہ کریں،غیر ضروری چیز کا آپس میں لین دین نہ کریں، ہرطرح کی خبروں کی اشاعت میں نہ لگ جائیں،اپنے گھر کی عورتیں خاص طور پر نوجوان بچے اور بچیوں کو مکمل ان چیزوں سے

www.besturdubooks.net

دوررکھنے کی کوشش کریں، اسی طرح چھوٹے اور معصوم بچوں کے ہاتھوں میں بھی موبائل نہ پکڑادیں؛قوی اندیشہ ہے کہ یہ پھول کہیں کھلنے سے پہلے ہی نہ مرجھاجائیں ،خاص کر ملک کے حالات کوضرور سامنے رکھیں؛ کہیں ایسانہ ہوکہ ہمارے ان چیزوں کے بے جا استعمال سے امت کسی پریشانی میں مبتلا ہوجائے۔ یقین جانئے! امت مسلمہ اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہی ہے،خدارا! اپنے اورامت کے حال پر رحم کیجیے،اپنی اوران کی صلاح وفلاح کے متعلق فکرمند رہیے ﴿عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ﴾ ﴿وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا﴾

انٹرنیٹ کا شرعی حکم

قابل احترام قارئین کرام! اوپر کی سطروں میں متعدد جگہ اس ناچیز کا مشورہ ''واٹس ایپ''انٹرنیٹ فیس بک وغیرہ کے سلسلے میں آچکا کہ اسے صرف دینی یا دنیاوی جائز کاموں میں ہی شریعت کی حد میں رہ کر استعمال کیا جائے؛ لیکن بعض احباب ان چیزوں کے مفاسد اور مضرات سے اس قدر متاثر ہیں کہ انہوں نے اس ناچیز کو یہ مشورہ دیا کہ میں ان چیزوں کے استعمال کو مطلقاً ممنوع لکھوں؛ تاکہ لوگ بالکلیہ اس سے احتراز کریں اوراس کی بے حیائیوں فحاشیوں اور عریانیوں سے بچیں؛ لیکن مجموعی طور پر غور کرنے سے علی الاطلاق ان چیزوں کے استعمال سے منع کرنے پر قلبی طور پر انشراح نہیں تھا؛اس لیے کوئی رائے قائم نہیں کر پا رہا تھا اور ایک طرح بے چینی میں مبتلا تھا کہ اچانک حق تعالیٰ شانہ نے مدد فرمائی اور فقیہ وقت عالم ربانی حضرت مہتمم صاحب (حضرت اقدس حضرت مولانا ومفتی شعیب اللہ خان صاحب)دامت برکاتہم کی کتاب ''ٹیلی ویژن اسلامی نقطۂ نظر سے''میں ایک تفصیلی اورنہایت جامع ومحققانہ فتویٰ حضرت والا کا''انٹرنیٹ کا شرعی حکم'' کے عنوان سے اور حضرت والا کے فتوے کے بالکل مطابق حضرت والا کی اسی کتاب میں ادارۃ المباحث الفقہیہ جمعیۃ علمائے ہند کے آٹھویں فقہی اجتماع (منعقدہ ۱۷/۱۸/۱۹ ربیع الاول ۱۴۲۶ھ مطابق ۲۷/۲۸/۲۹/

www.besturdubooks.net

اپریل ۲۰۰۵ء بمقام مفتی اعظم حضرت مولانا کفایت اللہ ہال عیدگاہ جدید ٹیانری روڈ بنگلور) میں ''ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ کا دینی مقاصد کے لیے استعمال'' کے موضوع پر طے شدہ تجاویز میں بھی انٹرنیٹ کا شرعی حکم نظر سے گزرا، پڑھ کر دل باغ باغ ہوگیا اور ساری الجھنیں کافور ہوگئیں۔ حضرت اقدس دامت برکاتہم کا فتویٰ مکمل سوال وجواب کے ساتھ، اسی طرح ادارۃ المباحث الفقہیہ جمعیت علمائے ہند کی انٹرنیٹ کے سلسلے میں منظورشدہ تجویز آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات سے پوری امید ہے کہ یہ دونوں چیزیں اس کے استعمال اور عدم استعمال کے سلسلے میں مکمل راہ نمائی کریں گی۔

حضرت مفتی محمد شعیب اللہ خان صاحب مدظلہ کا فتویٰ:

سوال: انٹرنیٹ کا استعمال اسلام میں جائز ہے یا اس کا کیا حکم ہے؟ ہم نے بہت سے علما کو بھی انٹرنیٹ استعمال کرتے دیکھا ہے، اسی طرح بعض مدارس میں بھی اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر یہ جائز ہے تو اس میں اور ''ٹی وی'' میں کیا فرق ہے اور علما ''ٹی وی'' کو کیوں ناجائز کہتے ہیں؟ جب کہ یہ بات معلوم ہے کہ انٹرنیٹ، ٹی وی سے کہیں زیادہ خطرناک اور نوجوانوں کو تباہی کی طرف لے جانے والا سب سے زیادہ بدترین آلہ ہے؟

الجواب: انٹرنیٹ ایک ایسا آلہ ہے جس کے ذریعے اچھا و برا دونوں قسم کا کام لیا جاسکتا ہے، اور یہ بات سب پر آشکارا ہے کہ موجودہ دور میں انٹرنیٹ کے ذریعے ہزار ہا قسم کے علمی و تعلیمی اور دینی امور کی انجام دہی نہایت آسان ہوگئی ہے اور اس سے فائدہ اٹھانے والے خوب خوب فائدہ اٹھارہے ہیں۔ ہاں اسی کے ساتھ اس سے برائی و بے حیائی کا بھی ایک بہت بڑا راستہ ہموار ہوگیا ہے اور فحش و بے حیائی کے دل دادہ اس کو ان خبائث میں بھی خوب خوب استعمال کررہے ہیں، اور نوجوانوں کا بہت بڑا طبقہ اس کی وجہ سے ہلاکت وتباہی کا شکار ہوچکا ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ انٹرنیٹ کا غلط استعمال ان کی اپنی طبعی رذالت اور خباثت کا نتیجہ ہے، ورنہ اس سے اگر چاہتے

www.besturdubooks.net

تو فائدہ کے کاموں میں استعمال کرتے،لہٰذا''ٹی وی''اور''انٹرنیٹ'' کا حکم یکساں نہیں ہے،بل کہ دونوں میں بہت فرق ہے۔

واضح فرق ان دونوں میں یہ ہے کہ''ٹی وی'' کے پردے پر پیش کی جانے والی چیزیں ہمارے اپنے اختیار میں نہیں؛بل کہ وہ دوسرے لوگوں کے قبضہ میں ہیں؛لہٰذا اس پر جو دکھایا جائے ،اسی کو لامحالہ دیکھنا پڑے گا،اوراس پر فی الحال جس قسم کے پروگرام نشر کیے جاتے ہیں، ان میں کوئی پروگرام بھی شرعی حدودِ جواز میں نہیں آتا،کیوں کہ تمام پروگراموں میں کم از کم تصویر تو ہوتی ہے اوراس کا ناجائز ہونا واضح ہے؛اس لیے علمااس کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔اس کے برعکس''انٹرنیٹ''ایسی چیز ہے جس کا استعمال آدمی کے اپنے اختیار میں ہے اوراس میں بھی (جیسا کہ عرض کرچکا ہوں)اگرچہ جائز وناجائز اور اچھی وبری، صحیح وغلط ہرقسم کی چیزیں ہوتی ہیں،تاہم اس میں کیا شک ہے کہ اگر نیک صالح آدمی اس کو جائز ومفید مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہے تواس میں اس کے لیے نہایت ہی مفید وکارآمد چیزیں دستیاب ہوتی ہیں؛اس لیے اس کا دینی وجائز مقاصد کے لیے استعمال جائز ہے،ہاں اگرکوئی اس کا استعمال غلط کاموں اورناجائز باتوں اورفحش وبےحیائی کی چیزوں کے لیے کرے تواس کوحرام وناجائز کہا جائے گا۔

خلاصہ یہ ہے کہ''انٹرنیٹ'' میں دونوں قسم کی چیزیں ہیں،اچھی بھی اور بری بھی، جائز بھی اورناجائز بھی،اس لیےاس کوعلی الاطلاق ناجائز یا جائز نہ کہا جائے گا؛بل کہ اس کے حکم میں تفصیل کی جائے گی کہ اگر جائز کاموں اورمفید باتوں اوردینی مقاصد کے لیے اس کا استعمال ہوتو اس کوعلی حسب مراتب جائز یا مستحسن قرار دیا جائے گا؛ اوراگراس کااستعمال ناجائز اور بری باتوں اورفحش وبےحیائی کے لیے کیا جائے تو اس کو حرام وناجائز کہا جائے گا۔

مگر''ٹی وی''اس کے برعکس صرف ناجائز امور پر مشتمل ہوتی ہے؛ کیوں کہ اس

www.besturdubooks.net

میں کم از کم جانداروں کی تصویریں تو ضرور ہوتی ہیں جو کہ ناجائز ہیں، اور تصاویر کے بغیر ''ٹی وی'' کا کوئی تصور ہی نہیں ہوتا؛ اس لیے اس کے حکم میں تفصیل کی کوئی وجہ نہیں ؛ بل کہ اس کو ''علی الاطلاق'' حرام کہا جائے گا۔

اور اگر یہ شبہ ہو (جیسا کہ ایک عالم نے میرے سامنے پیش کیا تھا) کہ انٹرنیٹ میں بھی کسی نہ کسی قسم کی تصاویر؛ بل کہ فحش قسم کی تصاویر سامنے آہی جاتی ہیں اور ان سے بچنا ناممکن ہوتا ہے، تو اس کو بھی ''ٹی وی'' کی طرح ناجائز ہونا چاہیے یا ''ٹی وی'' کو بھی جائز ہونا چاہیے؟ تو اس کا جواب بندے کے نزدیک یہ ہے کہ انٹرنیٹ میں اگرچہ قسم قسم کی تصاویر اور فحش قسم کی تصاویر از خود آجاتی ہیں؛ مگر چوں کہ یہ مقصود نہیں ہیں اور انٹرنیٹ استعمال کرنے والے کی نیت پر اس کا انحصار ہے۔ اس لیے اس کی مثال ایسی ہے جیسے راستہ چلتے ہوئے کہیں راستے میں عورت آجائے تو یہ نہ کہا جائے گا کہ راستہ چلنا ہی حرام ہے؛ بل کہ یہ کہا جائے گا کہ عورت پر نظر نہ کی جائے اور اپنی نظر کی حفاظت کرتے ہوئے راستہ طے کیا جائے۔

ہاں اگر کسی کا مقصد ہی راستہ چلنے سے یہ ہو کہ عورتوں کو دیکھا اور گھورا کروں تو پھر یہ کہا جائے گا کہ اس کا یہ چلنا ہی حرام ہے؛ کیوں اس کی نیت ہی خراب ہے، اسی طرح انٹرنیٹ استعمال کرنے والا اگر اسی کی نیت سے استعمال کرے کہ اس سے فحش و بے حیائی کے کام لوں گا تو اس کے لیے انٹرنیٹ کو ناجائز کہا جائے گا۔ اور اگر یہ مقصد نہیں ہے؛ بل کہ مقصد نیک یا جائز ہے اور بلا قصد و ارادہ کچھ تصاویر اس میں آجائیں تو کہا جائے گا کہ نظر کی حفاظت کا اہتمام کرتے ہوئے اس کا استعمال کرو۔ امید ہے کہ اس تقریر سے ان شاء اللہ العزیز آپ کا اشکال ختم ہو گیا ہوگا۔(۱)

ادارۃ المباحث الفقہیہ جمعیتِ علمائے ہند کی تجویز

انٹرنیٹ اس دور میں ایسا معلوماتی ذریعہ ہے، جس میں ہر طرح کے اچھے اور

(۱) ٹیلی ویژن اسلامی نقطہ نظر سے، ص:۱۳۶

www.besturdubooks.net

برے پروگرام پائے جاتے ہیں، گوکہ آج زیادہ تراس ذریعے کو ناجائز اور حرام چیزوں میں استعمال کیا جارہا ہے؛ لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اس کو اگر شرعی حدود میں رہ کر استعمال کیا جائے تو منکرات وفواحش سے بچتے ہوئے اس سے عظیم تعلیمی، تجارتی اورانتظامی وغیرہ فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں؛اس لیے یہ فقہی اجتماع انٹرنیٹ کے جائز حدود میں استعمال کو جائز قرار دیتا ہے اوراس کے ناجائز استعمال کو ناجائزاورحرام قراردیتا ہے۔(۲)

آخری گزارش

بات ختم کرتے ہوئے یہ ناچیزاپنے تمام دینی بھائیوں کو یہ پیغام دیتا ہے کہ منکرات کوروکنا ہم میں سے ہرایک کا دینی فریضہ ہے؛ لہٰذا ہم سب اس بات کا عزم مصمم کریں کہ اولاً ہم خوداس کے مضرتوں اورنقصانات سے بچیں گے، ثانیاً اپنی وسعت وطاقت اورصلاحیت کے بقدراپنے دوسرے بھائیوں کوبھی اس کی بے احتیاطی کا شکار ہونے سے بچائیں گے اور پوری قوت وبلندحوصلے کے ساتھ انٹرنیٹ، واٹس ایپ اور فیس بک وغیرہ کے منفی اثرات کوواضح کرکے ان کے غلط استعمالات سے لوگوں کو بچانے کی ہرممکن کوشش کریں گے خواہ تحریر کے ذریعے ہویاتقریر کے ذریعے، انفرادی طورپر ہو یا اجتماعی طورپر، غرضے کہ جوبھی صحیح طریقہ ہو، اسے اپنا کرامت کوان کے مفاسد سے بچانے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمارا آپ کا مددگار رہےاوروہی بہترین کارساز ہے۔﴿اِنْ اَرَدْتُّ اِلَّا الْاِصْلاَحَ وماتوفیقی إلا باللہ﴾

(۱) حوالۂ بالا،ص:۱۵۰

www.besturdubooks.net



"عون الغفار" مؤلف کی پہلی کوشش جسے اکابرین امت نے بے حد پسند فرمایا
اور مؤلف کی بڑی حوصلہ افزائی فرمائی۔ فجزاھم اللہ تعالیٰ خیر الجزاء

MAKTABA HIJAZ
Near Safid Masjid Deoband -247554
Distt: Saharanpur (U.P.) INDIA
Mobile : 9358914948 / 9997866990